يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ
اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ اُوْلِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ

حصۂ اول

تعلیم دین

المعروف بہ

راہ محبوب

مرتبہ

جناب مولوی محمد ابراہیم خان صاحب غوری
مالک مدرسہ تعلیم دین حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۲۹ ہجری

مطبوعہ مطبع اختر دکن افضل گنج حیدرآباد دکن

دفعہ اول   تعداد جلد ۱۰۰۰

غلط نامہ

صفحہ	غلط	صحیح
۱۴	خیال	خلال
۱۵	تَوَامِیْنَا	تَوَاصِیْنَا
,,	فَسْتَبِعُوْنَ	فَیَتَّبِعُوْنَ
۳۰	خباث	جنابت
۲۷	رفع عیدین	رفع یدین
,,	تعوذ باالله	اعوذ باالله
۴۲	انگلیان کشادہ نہ کرنا	انگلیان کشادہ کرنا
۵۵	نماز مین قرأت سنانا	نماز مین قرأت سننا
,,	قرآن شریف سنانا	قرآن شریف سننا
۵۷	نماز پڑھنے والیکو عورت نظر آنا	فتوی نہین اس مسئلہ مین
۶۰	مسجد مین بات کرنے سے کیا ہوگا	اعمال ضایع ہونگے
,,	مصیبت کی چیز سنے تو	مصیبت کی خبر سنے تو
۶۵	ونخشی عذابک بالکفار ملحق	ونخشی عذابک ان عذابک بالکفار ملحق
,,	والیک یعود السلام	والیک یرجع السلام فحیّنا ربنا بالسلام وادخلنا دار السلام
۶۸	سُبحٰنک	سُبحانک

یا ایہا الذین آمنوا اطیعوا اللہ و

اے ایمان والو حکم مانو اللہ کا اور

اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم

رسول کا اور جو اختیار والے ہیں تم میں

حصہ اول

تعلیم دین

المعروف بہ

راہ محبوب

مرتبہ

جناب مولوی محمد ابراہیم خان صاحب غوری

مالک مدرسہ تعلیم دین حیدرآباد دکن

سنہ ۱۳۲۹ھ

مطبوعہ مطبع اختر دکن فضل گنج حیدرآباد دکن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی شفیع المذنبین محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین ۵

حمد۔ شکر و سپاس خاص اس معبود مطلق کو سزاوار ہے جس نے اپنے فضل و کرم سے اس مشت خاک کو انی جاعل فی الارض خلیفۃ کا خلعت پہنا کر و لقد کرمنا بنی آدم کا جوہر دیکے مسجود ملائک کیا الدنیا مزرعۃ الآخرۃ کی زمین پر محض اپنی عبادت کا تخم بونے کے لیے وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔ کا فرمان دیکر روانہ کیا۔ پس بندہ پر فرض ہے کہ اپنے مقدور بھر زندگی میں اوقات عزیز کو صرف عبادت کرتا رہے اور شب و روز اس واہب العطایا کی ذکر شغل میں جان و دل لگائے رکھے۔ جس نے اسکو جان و دل عطا کیا اور درود بیحد و سلام بے عدد احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور انکے آل اطہار و اصحاب کبار پر جنکی اطاعت و فرمانبرداری سے دین و ایمان حاصل ہوتا ہے اور عدول حکمی سے دونوں باطل۔ اللہ تعالےٰ بندہ مومن کو ہدایت دیکر شریعت پر قایم رکھکر انکی پیروی کرے۔ آمین

یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ - ناظرین پر روشن ہو کہ اس بندہ عاصی محمد ابراہیم خان غوری ولد محمد نور خان صوبہ دار مرحوم نے تعلیم دینیا کو اپنا فرض قرار دیا ہے اور اسی غرض سے ایک مدرسہ تعلیم خانگی مسجد افضل گنج کے پیچھے قایم کیے ہوئے ہے - اثنائے تعلیم مین اکثر محبان صاحب کرم اور تلامیذ بارادت نے فرمایش کی کہ اگر ایک رسالہ تعلیم دین بہ طریق سوال و جواب کے ایسا مرتب کیا جاے جسکے پڑھنے سے مبتدیون کو حصول مسائل دینی مین کمال درجہ کی آسانی ہو اور نوآموز بچونکو سہولیت کے ساتھ و تفنیت پیدا ہو جائے تو بہت مناسب ہو گا -

عاصی کو یہ تجویز پسند آئی فوراً اُن کی فرمایش کی تعمیل کی یہ کتاب گویا اس محنت و مشقت کا یہ رسالہ مختصر اُسی تعمیل کا نتیجہ اور نمونہ ہے جو یہ عاصی اپنے مدرسہ کے طلبا کے ساتھ اُٹھاتا ہے چونکہ یہ کتاب ہز ہائنس نواب آصفجاہ مظفر الملک نظام الملک نظام الدولہ میر محبوب علیخان بہادر فتح جنگ سپہ سالار دکن خلد اللہ ملکہ - جی سی - بی جی - سی - ایس - آئی - فرمانروائے سلطنت آصفیہ کے عہد مین ۱۳۲۸ھ مین تیار ہوئی ہے اسلیے اسکا نام تعلیم دین المعروف بہ راہ محبوب رکھا - واضح ہو کہ اس رسالہ کی تدوین مین مسائل کتب معتبر سے اخذ کئے گئے یہ رسالہ تمام ہوا مگر مضمون تکمیل کو نہین پہونچا چونکہ اسکا حجم زیادہ ہو گیا ہے اسوجہ سے دوسرے حصہ مین تکمیل کی گئی جب تک دوسرا حصہ نہ پڑھا جاے پوری پوری قواعد نماز نہ معلوم ہونگے

یعنی مفسدات و مکروہات نماز و عام مکروہ و سہو سجدہ و جماعت سے نماز ادا کرنا جماعت مین شریک ہونا قضا نماز ادا کرنا و نماز مسافر و نماز جنازہ و نماز عیدین و نماز جمعہ وتر او سبح و غیرہ معلوم نہین ہو سکتے اِسلئے طلبا کو لازم ہے کہ دوسرے حصہ کا انتظار کرتے رہین اللہ تعالےٰ سے فضل و کرم سے اسید ہے کہ اپنے حبیب کے طفیل سے اس کتاب کو مقبول خاص و عام کرے اور پڑہنے والون سے التجا ہے کہ اس گنہگار کے حق مین دعاے خیر کرین۔ فقط

حدیث - جب مومن اللہ تعالیٰ کا سجدہ کرتا ہے تو ایک درجہ بلند ہوتا ہے اور ایک گناہ مٹ جاتا ہے جو شخص جماعت سے نماز پڑہیگا ہزار شہید کا ثواب پائیگا۔ جو شخص مسجد کو نماز کیواسطے جاتا ہے اللہ تعالےٰ نے ہر قدم پر ایک نیکی زیادہ کرتا ہے اور گناہ ایک مٹاتا ہے۔

سوال	عقاید	جواب

ہدایت - جب درس جاری ہو تو صفحہ ۶۱ - عربی کا جاری کرین -

سوال	جواب
بندے کس کے	اللہ کے
ذرّیت مین کس کے	حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام کے
مِلت مین کس کے	حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے
اُمّت مین کس کے	حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے
مذہب مین کس کے	حضرت امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رحمۃ اللہ علیہ کے
مومن ہو یا مسلمان	ہم مومن مسلمان ہین -

سوال	جواب
مومن کس کو کہتے ہین	جو شخص اللہ پر اور اُسکے رسول پر صدق دل سے ایمان لاوے ۔
مسلمان کسے کہتے ہین	جو شخص تابعداری کرے اللہ کی اور اُسکے رسول کی ۔
ایمان کسکو کہتے ہین	تین کام کرنے کو کہتے ہین ۔
	اقرار کرنا زبان سے
	سچ جاننا دل سے
	عمل کرنا ساتھ ہاتھ پاوں کے امر و نہی بجا لانا ۔
کیا اقرار کرنا ۔ کیا سچ جاننا ۔ کیا عمل کرنا	صدق دل سے لا اِلٰہ اِلّا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کرنا
سر ایمان کا کیا ہے ۔	کلمہ طیب لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا پڑھنا ۔
دل ایمان کا کیا ہے ۔	قرآن شریف پڑھنا ۔
نور ایمان کا کیا ہے ۔	سچ بولنا ۔
تاریکی ایمان کی کیا ہے ۔	جھوٹ بولنا
تنگی ایمان کی کیا ہے ۔	نماز نہ پڑھنا ۔
برکت ایمان کی کیا ہے ۔	بہت ذکر اللہ تعالیٰ کا کرنا ۔
مقام ایمان کہان ہے ۔	اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَا
تم مسلمان ہین ۔	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
تم مسلمان کب سے ہوئے ۔	روز میثاق سے ۔

سوال	جواب
روز میثاق کسکو کہتے ہین	دسوین محرم دن جمعہ کا جسروز تخلیق ذریات حضرت آدم کی صلب سے عبد و معبود کا اقرار لیا گیا۔ آلستُ بربکم قالو بلٰی

ایمان کا بیان

سوال		جواب
ایمان مین فرض کتنے ہین۔		دو ۲ ہین۔
	۱	زبان سے اقرار کرنا۔
	۲	دل سے سچ جاننا رکن بھی کہتے ہین۔
ایمان کتنے طور پر ہین۔		دو ۲ طور پر ہین۔
	۱	ایمان مجمل
	۲	ایمان مفصل
شرط ایمان کتنے ہین۔		سات ۷ ہین۔
	۱	ایمان لانا غیب پر۔
	۲	غیب کی باتین خدا جانتا ہے۔
	۳	ایمان لانا اپنے اختیار سے۔
	۴	حلال کو حلال جاننا۔
	۵	حرام کو حرام جاننا
	۶	عذاب سے خدا کے ڈرتے رہنا۔
	۷	رحمت کے امیدوار رہنا۔

سوال	جواب
احکامِ منہیات ایمان کتنے ہین۔	سات ہین۔
۱	مومن کو ناحق مارنا منع ہے۔
۲	قید کرنا منع ہے۔
۳	مال چھینا منع ہے۔
۴	آزردہ کرنا منع ہے
۵	گمان بد کرنا منع ہے۔
	دو یہ ہین
۱	یقین جانئے اسکو ہمیشہ کی عذاب سے چھوٹنا
۲	جنت مین جانا ہوگا۔
ایمان فرض ہونے کیلیے کتنے شرط ہین۔	دو ہین۔
۱	عاقل ہونا۔
۲	بالغ ہونا۔
ایمان باقی رہنے کے کتنے شرط ہین۔	تین ہین۔
۱	خوش رہنا ایمان پانے سے۔
۲	ڈرتے رہنا ایمان جانے سے۔
۳	پرہیز کرنا ایمان کو خراب کرنیوالون سے۔

اسلام کا بیان

سوال	جواب
اسلام مین فرایض کتنے ہین۔	پانچ ہین۔

سوال	جواب
۱	کلمہ شہادت کا پڑھنا۔ اسکو رکن بھی کہتے ہین
۲	پانچون وقت کی نماز پڑھنا۔ ″
۳	رمضان شریف کے روزے رکھنا۔ ″
۴	زکوٰۃ دینا ″
۵	حج کرنا ″
اسلام مین واجبات کتنے ہین۔	سات ہین۔
۱	حج کو جاکر عمرہ بجا لانا
۲	مان باپ کی خدمت ادا کرنا
۳	مرد کی خدمت جورو کرنا۔
۴	فطر کا صدقہ دینا۔
۵	قربانی کرنا۔
۶	وتر کی نماز پڑھنا۔
۷	قرابت والونکو نفقہ دینا۔
اسلام مین سنت کتنے ہین۔	سات ہین۔
۱	ختنہ کرنا۔
۲	بال سر کے تراشنا۔
۳	بال ناک کے لینا
۴	بال لب کے لینا
۵	بال بغل کے لینا۔

سوال	جواب
٦	بال زیرناف سے لینا۔
٧	ناخن نکالنا۔
ایمان کس کو کہتے ہین۔	باطن سے علاقہ رکھتا ہے۔
اسلام کسکو کہتے ہین۔	ظاہر سے علاقہ رکھتا ہے۔
فرشتے کون ہین۔	بندے خدا کے ہین۔
فرشتے کس چیز کے بنے ہین۔	نور سے پیدا کئے گئے ہین۔
جنات کس چیز کے بنے ہین۔	آگ کے بنے ہین۔
انسان کس چیز کے بنے ہین	خاک کے بنے ہین یعنی مٹی سے۔
فرشتے کتنے ہین۔	بہت ہین۔
مشہور فرشتے کتنے ہین۔	چار ہین۔
١	جبرئیل علیہ السلام
٢	میکائیل علیہ السلام
٣	اسرافیل علیہ السلام
٤	عزرائیل علیہ السلام
جبرئیل علیہ السلام کا کیا کام ہے	کتابین خدا کے اور حکم خدا کا پیغمبرونکے پاس لایا کرتے تھے۔
میکائیل علیہ السلام کا کیا کام ہے۔	روزی حکم سے خدا کے بندونکو پہنچاتے ہین اور مینہ کی تیاری بھی کرتے ہین۔
اسرافیل علیہ السلام کا کیا کام ہے	صور منہ مین لیے کھڑے ہین قیامت

سوال		جواب
		کے دن پھونکین گے۔
عزرائیل علیہ السلام کا کیا کام ہے۔		مرنے کے وقت جان نکالتے ہین۔
قبر مین کتنے فرشتے سوال کرتے ہین		دو ہین۔
انکے کیا نام ہین۔	۱	منکر
	۲	نکیر
ہر انسان کے ہمراہ کتنے فرشتے اعمال نامہ لکھتے ہین۔		دو ہین
انکے کیا نام ہین۔	۲	کراماً کاتبین
کتابین خدا کی کتنی ہین۔		بہت ہین۔
مشہور کتابین کتنی ہین۔		چار ہین۔
	۱	توریت
	۲	انجیل
	۳	زبور
	۴	قران
توریت کس پیغمبر پر نازل ہوئی۔		حضرت موسیٰ علیہ السلام پر
انجیل کس پیغمبر پر نازل ہوئی۔		حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر
زبور کس پیغمبر پر نازل ہوئی۔		حضرت داؤد علیہ السلام پر
قران شریف کس پیغمبر پر نازل ہوا۔		حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر
پیغمبر کتنے ہین۔		بہت ہین

سوال تعلیم دین المعروف بہ ۱۲ ار ۵ مجموعہ از ابراہیم جواب محمد ۱۵

سوال	جواب
مشہور کتنے پیغمبر ہین۔	سات ہین بلکہ زاید۔
۱	حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام
۲	حضرت نوح نبی اللہ علیہ السلام
۳	حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام
۴	حضرت موسی کلیم اللہ علیہ السلام
۵	حضرت داؤد خلیفۃ اللہ علیہ السلام
۶	حضرت عیسی روح اللہ علیہ السلام
۷	حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سردار سب پیغمبرون کے۔
حضرت محمد مصطفی کہان پیدا ہوے۔	مکہ شریف مین۔
حضرت محمد مصطفی کو کتنے عمر مین پیغمبری ملی۔	چالیس برس مین۔
حضرت محمد مصطفی مکہ شریف مین اور کتنے برس رہے۔	تیرہ برس رہے۔
حضرت محمد مصطفی کو کتنی عمر مین معراج شریف ہوی۔	۵۲ برس مین۔
حضرت محمد مصطفی کو معراج شریف کہان ہوئی۔	مکہ شریف مین۔
نماز کہان فرض ہوئی۔	معراج شریف مین
نماز کتنے وقت کی فرض ہوئی	پانچون وقت کی۔

سوال	جواب
مکہ شریف سے مدینہ منورہ کو کتنی عمر مین ہجرت کی۔	ترپن ۵۳ برس مین۔
مدینہ منورہ مین کتنے برس زندہ رہے۔	دس برس زندہ رہے۔
حضرت محمد مصطفی نے کتنی عمر مین رحلت پائی	ترسٹھ ۶۳ برس کی عمر مین
حضرت محمد مصطفی کا مزار شریف کہان ہے۔	مدینہ منورہ مین
چار کرسی حضرت محمد مصطفی کی یہ ہے	محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔
حضرت محمد مصطفی کی والدہ صاحبہ کا نام۔	آمنہ بنت وہاب بن عبد مناف
حضرت محمد مصطفے کے خلیفہ کتنے ہین	چار ۴ ہین۔
۱	حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ۔
۲	حضرت عمر رضی اللہ عنہ
۳	حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
۴	حضرت علی رضی اللہ عنہ
امام مذہب کے کتنے ہین۔	چار ۴ ہین۔
۱	امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ
۲	امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ
۳	امام حنبلی رحمۃ اللہ علیہ

جواب		سوال	
امام مالکی رحمۃ اللہ علیہ			۴
سات برس کی عمر مین۔ جب دس برس کے ہون مار کے پڑہاؤ۔		بچونکو کتنی عمر مین نماز پڑھنے کا حکم ہی	

فقہ

بیان وضو کا

جواب		سوال
چار ہین۔		وضو مین فرض کتنے ہین۔
منہ[1] دہونا۔	۱	
دونون ہاتھ دھونا کہنیون سمیت۔	۲	
چوتھائی سر کا مسح کرنا۔	۳	
دونون پانون دھونا ٹخنون سمیت	۴	
حضرت میرے وضو مین واجب نہین ہے		وضو مین واجب کتنے ہین۔
تیرہ[13] ہین		وضو مین سنت کتنے ہین۔
دونون ہاتھ پہونچون تک دھونا	۱	
اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ	۲	
بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ	۳	

[1] پیشانی کے بالون سے ٹھڈی کے نیچے تک یہ کان کی لولکی سے دوسرے کان کی لولکی تک

سوال		جواب
		صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا۔
	۴	تین بار کلی کرنا۔
	۵	مسواک کرنا یا انگلی شہادت سے ملنا۔
	۶	تین بار ناک میں پانی لینا۔
	۷	نیت کرنا۔
	۸	داڑھی کا خلال کرنا۔
	۹	سارے سر کا مسح کرنا۔
	۱۰	کانوں کا مسح کرنا۔
	۱۱	ہاتھ پاؤں کے انگلیوں کا خلال کرنا۔
	۱۲	ترتیب سے وضو کرنا۔
	۱۳	ہر عضو کو تین تین بار دھونا۔
وضو میں مستحب کتنے ہیں۔		پندرہ ہیں۔ (۱۵)
	۱	اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ العظیم والحمد للہ علی دین الاسلام
	۲	وضو کرنے کے وقت قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھنا۔
	۳	وضو سیدھی طرف سے شروع کرنا۔
	۴	ہر ہر عضو پر کلمہ شہادت اور درود پڑھنا۔

سوال	جواب
کلی کرنے کی دعا۔	اَللّٰھُمَّ لَقِّنِّیْ حُجَّتِیْ بِالْاِیْمَانِ
مسواک کرنے کی دعا۔	اَللّٰھُمَّ اسْقِنِیْ بِمَعَاشِیْ مِنْ طَعَامِ الْجَنَّۃِ
ناک میں پانی لینے کی دعا۔	اَللّٰھُمَّ لَا تُحَرِّمْنِیْ رَائِحَۃَ الْجَنَّۃِ
منہ دھوتے وقت کی دعا	اَللّٰھُمَّ بَیِّضْ وَجْھِیْ یَوْمَ تَبْیَضُّ وُجُوْہٌ وَ تَسْوَدُّ وُجُوْہٌ
سیدھا ہاتھ دہوتے وقت کی دعا۔	اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِیَمِیْنِیْ
بایاں ہاتھ دھوتے وقت کی دعا	اَللّٰھُمَّ لَا تُعْطِنِیْ کِتَابِیْ بِشِمَالِیْ وَ لَا تَجْعَلْھَا مَغْلُوْلَۃً اِلٰی عُنُقِیْ
سر کا مسح کرتے وقت کی دعا	اَللّٰھُمَّ غَشِّنَا بِرَحْمَتِکَ فَاِنَّا نَخْشٰی عَذَابَکَ اَللّٰھُمَّ لَا تَجْمَعْ بَیْنَ نَوَاصِیْنَا وَ اَقْدَامِنَا۔
کانوں کا مسح کرتے وقت کی دعا۔	اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَہٗ مِمَّنْ یَسْمَعُ
گردن کا مسح کرتے وقت کی دعا۔	اَللّٰھُمَّ نَجِّنَا مِنْ مُقَطَّعَاتِ النِّیْرَانِ
۵	انگلی میں انگوٹھی ہو تو اسکو ہلانا۔
۶	گردن کا مسح کرنا۔
۷	غسل کرنے کے وقت ہر ہر عضو پر ہاتھ پھرانا
۸	بھوین موچھونکے بال کے نیچے اور چشم کے اطراف پانی پہنچانا۔

سوال	جواب
۹	منہ دھونا پیشانی سے شروع کرنا۔ اور پانون انگلیون سے شروع کرنا اور مسح آگے سر کے شروع کرنا۔
۱۰	نیت زبان سے کرنا۔
۱۱	آپ ہی وضو کرنا دوسرے سے مدد نہ چاہنا
پانون دھونے کے وقت کی دعا	اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ قَدَمِیْ عَلٰی صِرَاطِ یَوْمَ تَذِلُّ فِیْهِ الْاَقْدَامُ۔
۱۲	وضو کے باقی رہے ہوے پانی کو کھڑے رہکر تھوڑا پینا۔
۱۳	دوگانہ نماز وضو کے شکرانیکا ادا کرنا۔
۱۴	ہر نماز کے واسطے تازہ وضو کرنا
۱۵	وضو کے بعد آسمان کی طرف منہ کرکے کلمہ شہادت کا پڑہنا۔
بعد از وضو تمام ہونیکے یہ دعا پڑہنا	دوسرا کلمہ اور یہ دعا۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ۔
وضو مین مکروہ کتنے ہین۔	چودہ ۱۴ ہین۔
۱	بائین طرف سے وضو شروع کرنا۔
۲	بائین ہاتھ سے منہ مین پانی لینا۔

سوال		جواب
	۳	بائین ہاتھ سے ناک مین پانی لینا۔
	۴	سیدہے ہاتھ سے ناک سنکنا۔
	۵	منہ پر پانی زور سے مارنا
	۶	منہ دہونے کے وقت ہونٹ اور آنکھین مضبوط باندہنا۔
	۷	وضو کرنے کے پانی مین تھوکنا
	۸	وضو کرنے کے وقت دنیا کی باتین کرنا۔
	۹	ہر عضو تین بار سے کم دہونا یا زیادہ دہونا۔
	۱۰	پیشاب کرنے کے جاے پر وضو کرنا۔
	۱۱	استنجا پاک کرنے کی جاے پر وضو کرنا۔
	۱۲	تانبے کے برتن مین پانی دھوپ سے گرم ہو اُس پانی سے وضو کرنا۔
	۱۳	تانبے کا لوٹا بے قلعی ہو تو اُس سے وضو کرنا
	۱۴	اپنے وضو کے واسطے ایک لوٹا مقرر کرنا دوسرے کو نہین دینا لوٹا سونے روپے کا وضو وغیرہ کے واسطے حرام ہے۔
وضو کتنے پانی سے کرنا۔		دو رطل پانی سے۔
رطل کسکو کہتے ہین۔		شاہ جہانی ۲۰ پیسے بھر ہوتا ہے۔

قاعدہ وضو

وضو کرتے وقت پانی کا برتن بائین طرف رکھو دونون ہاتھ پہنچون تک انگلیون مین انگلیان ملا کر تین بار دھووے پھر انگلی شہادت کی دانتون پر ملے یا مسواک کرے پھر تین بار کلی کرے پھر تین بار ناک مین پانی لیوے بعد بائین ہاتھ سے ناک پاک کرے پھر منہ تین بار دہوئے پیشانی کی بالون سے ٹھڈی کے نیچے تک سیدہے طرف کی کان سے بائین طرف کے کان تک دہووے پھر سیدہا ہاتھ کہنیون سمیت دھووے پھر بایان ہاتھ کہنیون سمیت دھووے بعد سیدہے ہاتھ پر پانی تین بار بہاوے بعد بائین ہاتھ پر پانی تین بار بہاوے پھر پانی لیکر دونون ہاتھ کی تینون انگلیون کو ملا کر سر پر سامنے سے لیجا کر پھر واپس لاوین بعد انگلی شہادت کے دونون کانون مین ہلاوے بعد انگوٹھے کان کے اوپر لیجاوے پھر دونون ہاتھ کی تینون انگلیون کو الٹی گردن پر لیجاوے پھر ہاتھون کا مسح کرین بعد بایان ہاتھ سیدہے ہاتھ کے پشت پر سے سرے انگلیون سے کہنیون تک کھینچے بعد انگوٹھے سے اندر کی طرف ہتیلی تک کھینچے پھر سیدہا ہاتھ بائین ہاتھ کی پشت پر سرے انگلیون سے کہنیون تک کھینچے بعد انگوٹھے سے اندر کی طرف ہتیلی تک کھینچے پھر پانون کی چھوٹی انگلی سے دھونا شروع کرو انگوٹھے تک پھر ٹخنے سمیت تین تین بار دھوئے پھر دایان پانون انگوٹھے سے شروع کرو چھوٹی انگلی تک پھر ٹخنے سمیت

تین بار دھوئے - پانون دائین ہاتھ سے دھونا اور باقی تمام وضو سیدھے ہاتھ سے کرنا - اور ایسا جلد دھونا کہ کوئی عضو خشک نہ ہو جائے بال برابر سوکھا رہا تو وضو صحیح نہین -

ہدایت استاد کو چاہیئے اپنے سامنے شاگرد کو کھڑا کرکے وضو کرا کے بتلادین

بیان غسل کا

سوال	جواب
غسل مین فرض کتنے ہین -	تین ہین -
۱	غرغرہ کرنا روزے مین کلی کرنا -
۲	ناک مین پانی لینا -
۳	تمام بدن پر ایک بار پانی بہانا -
غسل مین واجب کتنے ہین -	حضرت میرے غسل مین واجب نہین ہین
غسل مین سنت کتنے ہین -	پانچ ہین -
۱	استنجا کرنا -
۲	دونون ہاتھ پہونچون تک دھونا -
۳	جسم سے نجاست دھونا -
۴	وضو کرنا
۵	تمام بدن پر تین بار پانی بہانا -
غسل مین مستحب کتنے ہین	پانچ ہین -
	گوشہ مین نہانا -

سوال		جواب
	۲	جسم ملنا۔
	۳	پانون کو غسل کی جگہ سے ہٹکر دھونا۔ اگر پانی وہان جمع ہوتا ہو تو
	۴	کپڑے سے بدن پوچھنا اگر موسم سرما ہو تو۔
	۵	بعد از غسل تھوڑی غذا کھانا۔
غسل مین مکروہ کتنے ہین۔		حضرت میرے غسل مین مکروہ نہین ہین
غسل کتنے پانی سے کرنا۔		آٹھ رطل پانی سے۔

قاعدہ غسل

اول استنجا کرنا بعد دونون ہاتھ پہونچون تک دھونا بعد نجاست جسم سے دھونا بعد وضو کرنا اور کلی کی عوض غرغرہ کرنا اگر روزے دار ہو تو کلی ہی کرنا بعد تین بار سیدھی مونڈھے پر پانی ڈالنا بعد تین بار بائین مونڈھے پر پانی ڈالنا۔ بعد تین بار سر پر پانی ڈالنا۔ پانی ڈالتے وقت کلمہ شہادت کا پڑھنا اور جس بات کا غسل ہو وہ نام لینا۔ یعنی احتلام کا ہو یا جنابت کا ہو یا حیض کا ہو یا نفاس کا ہو۔ نَوَیْتُ اَنْ اَغْتَسِلَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ مِنْ غُسْلِ الْاِحْتِلَامِ ہر غسل کا یہی طریق ہے۔

سوال	جواب
غسل کتنے پانی سے کرنا۔	غسل آٹھ رطل پانی سے کرنا۔

(**ہدایت** استاد کو لازم ہے کہ اپنے روبرو شاگرد کو کھڑا کرکے ترکیب اچھی طرح ذہن نشین کرین)

—— ۰۰ ——

بیان تیمم کا

سوال	جواب
تیمم مین فرض کتنے ہین۔	تین ہین۔
۱	نیت کرنا
۲	ایک ضرب مار کے منہ پر ملنا۔
۳	دوسرا ضرب مار کے دونون ہاتھ کہنیون سمیت ملے اگر انگوٹھی ہو تو ہلاوے۔
تیمم غسل اور وضو کا ایک ہی ہے کیا جدا جدا ہے۔	ایک ہی ہے۔
تیمم کس چیز پر کرنا۔ گرد ہونا شرط ہے یا نہین۔	پاک مٹی پر جو چیز جلتی ہے اس پر گرد ہونا شرط ہے جو چیز نہین جلتی اس پر گرد نہ ہونا۔

(ہدایت اُستاد کو چاہیئے تیمم آپ لڑکون کے روبرو کر کے بتلادین)

بیان فرایض نماز

سوال	جواب
فرض نماز مین کتنے ہین۔	تیرہ ۱۳ ہین۔
اندر نماز کے کتنے ہین	چھ ۶ ہین
باہر نماز کے کتنے ہین۔	سات ہین۔
باہر کے سات فرض بیان کرو۔	

سوال	جواب
۱	پاکی بدن کی
۲	پاکی کپڑے کی
۳	پاکی جاے نماز کی
۴	ستر ڈھانکنا
۵	وقت پر نماز پڑھنا
۶	قبلہ کی طرف کھڑا رہنا۔
۷	نیت نماز کی دل مین کرنا۔
اندر کے فرض چھہ بیان کرو۔	
۱	تکبیر تحریمہ یعنی اللہ اکبر کہنا۔
۲	قیام یعنی کھڑے ہوکے نماز پڑھنا۔
۳	قرارت یعنی نماز مین کچھہ قرآن شریف پڑھنا
۴	رکوع
۵	دو سجدے ہر رکعت مین
۶	قعدہ اخیر بیٹھنا
مرد کا ستر کہان تک ہے۔	ناف سے زانو سمیت ڈھانکنا فرض ہے
آزاد عورت کا ستر کہان تک ہے۔	تمام بدن ڈھانکنا فرض ہے سواے منہ اور دونون ہتیلیان اور دونون پانو ٹخنے نیچے۔
باندی کا ستر کہان تک ہے	پیٹھ اور پیٹ گھٹنون سمیت ڈھانکنا

سوال	جواب
	باقی جتنا ہے مستحب ہے۔
اوقات نماز کتنے ہیں۔	پانچ ہیں۔
۱	صبح
۲	ظہر
۳	عصر
۴	مغرب
۵	عشا
اوقات نماز کب سے کب تک ہے۔	
صبح کا وقت کب سے کب تک ہے۔	اتنا اندازہ دیکھ لے کہ اگر وضو ٹوٹا تو پھر وضو کر کے نماز دہرا کر پڑھ سکے۔
ظہر کا وقت کب سے کب تک ہے۔	آفتاب ڈھلنے کے ہر ایک چیز کا سایہ اصلی کے سوا دو سایہ تک کا ہے۔
عصر کا وقت کب سے کب تک ہے۔	وقت ظہر کے بعد سے آفتاب غروب ہونے تک کا ہے۔
مغرب کا وقت کب سے کب تک ہے۔	آفتاب غروب ہونے کے بعد سے شفق غائب ہونے تک ہے۔
عشا کا وقت کب سے کب تک ہے	شفق غروب ہونے کے بعد سے صبح صادق طلوع ہونے تک ہے۔ یہی وقت وتر کی نماز کا ہے۔

سوال	جواب
تعداد رکعت ہر ایک وقت کے فرض اور سنت بیان کرو۔	
صبح کے کتنے رکعت ہین۔	چار۴ ہین۔ دو۲ سنت دو۲ فرض۔
ظہر کے کتنے رکعت ہین	دس ہین چار۴ سنت چار۴ فرض دو۲ سنت
عصر کے کتنے رکعت ہین۔	چار۴ ہین۔ چار۴ فرض۔
مغرب کے کتنے رکعت ہین۔	پانچ۵ ہین۔ تین۳ فرض دو۲ سنت
عشا کے کتنے رکعت ہین	نو۹ ہین چار۴ فرض دو۲ سنت تین۳ وتر۔
سنت اور نفل کس واسطے مقرر کئے گئے ہین۔	فرض نماز مین کچھہ نقصان یا خلل ہو تو قیامت کے دن ان نمازون سے پوری کردینگے
کونسے وقت نماز نہین پڑہنا	تین۳ وقت۔
۱	طلوع آفتاب کافی ۱۲
۲	غروب آفتاب ″
۳	زوال یعنی برابر دوپہر کو کافی ۱۲
کونسی نماز کے آگے پیچھے نفل نماز نہین پڑہنا۔	دو۲ وقت۔
۱	اول نماز صبح بعد از نماز صبح سوائے سنت دو رکعت کی مگر قضا نماز اس ادائکی اوّل جائز ہی
۲	بعد از نماز عصر۔ کافی ۱۲
یہ تیرہ۱۳ فرض مین سے اگر ایک بھی	نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ پھر دوبارہ نماز پڑہنا

سوال	جواب
ترک کرے تو نماز جاتی رہتی ہے یا نہین۔	فرض ہے۔
قرارت دو رکعت فرضون مین پڑھنا کیا ہے	فرض ہے۔
قرارت ہر رکعت وتر و سنت و نفل مین پڑھنا کیا ہے۔	فرض ہے۔
فرض کسکو کہتے ہین۔	اللہ کے اُس حکم کو کہتے ہین جو دلیل قطعی سے ثابت ہوا ہو۔ جیسے اَقِیمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ۔
واجب نماز مین کتنے ہین۔	چودہ (۱۴) ہین۔
۱	سورہ فاتحہ پڑھنا۔
۲	سورہ فاتحہ کے پیچھے اور سورہ پڑھنا۔
۳	رکوع سجدون مین دیر کرنا ایک تسبیح کی مقدار۔
۴	رکوع کرکے سیدھا کھڑا ہوکے سجدہ کو جانا۔
۵	ایک سجدہ کرکے بیٹھکے دوسرا سجدہ کرنا
۶	درمیان نماز کے التحیات کے واسطے بیٹھنا۔ یعنی پہلا قعدہ
۷	التحیات دونون قعدون مین پڑھنا
۸	پکار کے پڑھنے کی نماز پکار کے پڑھنا امام کو اور آہستہ پڑھنے کی آہستہ۔

سوال	جواب
۹	السلام علیکم ورحمۃ اللہ آخر نماز پر کہنا۔
۱۰	دعا قنوت وتر مین پڑہنا
۱۱	چھ چھ تکبیرین دونون عیدین کی نماز مین پڑہنا۔
۱۲	چار رکعت فرض مین سے دو رکعت اوّل قرارت کے واسطے مقرر کرنا۔
۱۳	جو فرض دوبار ہر رکعت مین آتا ہے اسمین ترتیب کی رعایت کرنا۔
۱۴	ہر واجب مین ترتیب نگاہ رکھنا۔
اگر قصد کرکے ایک بھی واجب ترک کریگا تو نماز جاتی رہتی ہی یا نہین	نماز جاتی نہین مگر مکروہ ہوتی ہے اور جانے کے نزدیک ہوجاتی ہے واجب ہے کہ پھر اس نماز کو پڑہ لے جو پھر کے نماز نہ پڑہا فرض اُتر گیا پر واجب کے ترک سے گناہ سر پر رہا۔
دو رکعت امام کو صبح اور مغرب اور عشا اور جمعہ عیدین اور تمام تراویح مین پکار کر پڑہنا کیا ہی	واجب ہے۔
واجب کسکو کہتے ہین۔	کہ دلیل ظنی سے یا حدیث غیر متواتر یا غیر مشہور سے ثابت ہووے دلیل ظنی اسکو کہتے ہین کہ جس مین دو معنی ہون جیساکہ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ پہلے معنی وانحر کے ہاتھ باندہنا دوسرے ذبح کرنا۔

سوال		جواب
سنت موکدہ نماز مین کتنے ہین ۔		بارہ ہین ۔ [۱۲]
	۱	رفع یدین یعنی دونون ہاتھہ کانون تک تکبیر تحریمہ کے وقت اُٹھانا ۔
	۲	وضع ید ین یعنی دونون ہاتھہ ناف کے نیچے باندھکے نماز پڑہنا
	۳	ثنا پڑہنا پہلی رکعت مین ۔
	۴	تعوذ باللہ پڑہنا پہلی رکعت مین ۔
	۵	ہر رکعت مین بسم اللہ پڑہنا ۔ سورہ فاتحہ پر
	۶	تکبیرات انتقالات کی کہنا یعنی اُٹھتے بیٹھتے اللہ اکبر کہنا ۔
	۷	رکوع مین سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم تین بار کہنا ۔
	۸	تسمیع وتحمید کہنا ۔
	۹	سجدے مین سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلیٰ تین بار کہنا ۔
	۱۰	التحیات کے پیچھے درود پڑہنا ۔
	۱۱	اس درود کے پیچھے دعاے ماثورہ پڑہنا ۔
	۱۲	الحمد کے پیچھے آمین کہنا ۔
سنت موکدہ کسکو کہتے ہین		حضرت محمد مصطفیٰ نے جس کام کو ہمیشہ کیا ہے معہ ترک
سنت موکدہ کی ترک کرنیسے کیا ہوتا ہے ۔		نماز صحیح ہوتی ہے مگر مکروہ ہوتی ہے یعنی ثواب کم ہوتا ہے ۔

مکروہ کتنے قسم کے ہین -	٢ دو قسم کے ہین -
١	مکروہ تنزیہی
٢	مکروہ تحریمی
مستحب نماز مین کتنے ہین -	چھیالیس ٤٦ ہین آگے بیان ہونگے -
مکروہ نماز مین کتنے ہین	یکسونو ١٠٩ ہین آگے بیان ہونگے -
مکروہ تنزیہی کسکو کہتے ہین	جو چیز کہ نزدیک حلال کے ہے جیسے کسی آدمی نے بادشاہ کو نذر کیا بردہ نکٹا -
مکروہ تحریمی کسکو کہتے ہین -	جو چیز کہ نزدیک حرام کے ہے جیسے کسی آدمی نے بادشاہ کو نذر کیا بردہ مردار -
مستحب کسکو کہتے ہین	جسکام کو صحابہ نے روبرو حضرت محمد مصطفی کے کیا ہو اور حضرت اس کام کو کرتے ہوے دیکھکر چپ رہے ہون - یا کبھی خوش ہوئے ہون اور منع نہ کیا ہو اسکو سنت مستحبہ کہتے ہین -
مباح کس کو کہتے ہین	نہ وہ چیز حلال ہے نہ وہ حرام ہے نہ حکم ہے نہ منع ہے نہ اسکے کرنے سے کچھ گناہ ہے

ارکان نماز کے سنت و مستحب و مکروہ کے بیان مین

تکبیر تحریمہ مین سنت کتنے ہین	پانچ ٥ ہین -
	دونون ہاتھ اٹھانا -

سوال		جواب
	۲	ہتھیلیاں دونوں ہاتھ کے قبلہ کی طرف کرنا۔
	۳	دونوں ہاتھ کی انگلیاں عادت کے موافق کشادہ رکھنا
	۴	امام کا تکبیر بلند کہنا۔
	۵	مقتدیکا امام کے متصل تکبیر کہنا۔
تکبیر تحریمہ میں مستحب کتنے ہیں۔		آٹھ ہیں۔
	۱	جب موذن قد قامت الصلوۃ کہے تب امام شروع کرنا۔
	۲	دونوں ہاتھ کانوں کی لولون تک اٹھانا۔ مرد
	۳	آستین سے دونوں ہاتھ باہر نکالنا۔
	۴	اول ہاتھ اٹھانا پھر تکبیر کہنا۔
	۵	تکبیر کہنے کے وقت اللہ تعالی کی بزرگی کا خیال رکھنا۔
	۶	اللہ کے لام کو اچھی طرح سے بھرا ہوا کہنا۔
	۷	اکبر کے رے کو جزم سے کہنا۔
	۸	تکبیر کے ساتھ ہی ہاتھ باندھنا۔
تکبیر تحریمہ میں مکروہ کتنے ہیں		دس ہیں
	۱	اللہ کے الف اور اکبر کے رے پر مد کھینچنا
	۲	ہاتھ اٹھاتے وقت انگلیاں بہت کھلی رکھنا۔
	۳	انگلیاں بہت ملانا۔

سوال	نمبر	جواب
	۴	ہاتھ اٹھاتے وقت یا بعد مٹھی باندھنا۔
	۵	ہاتھ کی پیٹھ قبلہ کی طرف کرنا۔
	۶	ہاتھ اٹھانے کے وقت ہتیلیان اپنے منہ کی طرف کرنا۔
	۷	منہ آسمان کی طرف کرنا۔
	۸	استنجا یا پاخانہ کی حاجت ہونے کے وقت نماز پڑہنا۔
	۹	تکبیر کو تکرار کرنا یعنی دو تین بار کہنا۔
	۱۰	تکبیر پر دوسر لفظ زیادہ کرنا جیسا اللہ اکبر الاعظم کہنا
قیام مین سنت کتنے ہین۔		تین ہین۔
	۱	اول سیدہے ہاتھ کی ہتیلی بائین ہاتھ کی پیٹھ پر رکھ کر انگوٹھے سے اور چھوٹی انگلی سے پونچا پکڑنا۔
	۲	ثنا اول رکعت فرض ہو یا سنت یا نفل پڑہنا۔
	۳	نفل کے چار رکعت اگر پڑہے تو تیسری رکعت مین بھی ثنا پڑہنا۔
قیام مین مستحب کتنے ہین۔		چار ہین۔
	۱	مقتدی حی علی الصلوۃ کہنے کے وقت امام نماز کو کھڑا ہونا۔

سوال		جواب
	۲	دونون ہاتھ نیچے ناف کے باندھنا۔ مرد۔ عورت سینے پر
	۳	سجدے کی جگہ نگاہ رکھنا۔
	۴	دونون پاؤن چار انگل کے تفاوت سے رکھنا۔
قیام مین مکروہ کتنے ہین۔		گیارہ ہین۔
	۱	جو چیز کہ سنت کو منع کرے وہ چیز ہاتھ مین نہ رکھنا
	۲	فرض مین واجب مین سنت موکدہ مین بغیر عذر کے کسی چیز پر ٹیکا کرنا۔
	۳	ثنا مین سُبحانَكَ اَللّٰهُمَّ سے زیادہ پڑھنا
	۴	ثنا بلند پڑھنا
	۵	اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ نیت اور تکبیر تحریمہ کے درمیان پڑھنا۔
	۶	ہاتھ کمر پر رکھنا۔
	۷	ایک پاؤن پر بوجھ دیکر آرام پانا۔
	۸	تین قدم بے عذر پے درپے چلنا۔
	۹	آنکھ کے کونے سے چپ وراست دیکھنا۔
	۱۰	سر جھکانا
	۱۱	محراب مین یا بلند جگہ مین بے سبب امام کا کھڑا رہنا
قرارت مین سنت کتنی ہین۔		پانچ ہین

سوال		جواب
	۱	ثنا کے بعد اعوذ باللہ پڑہنا۔
	۲	بسم اللہ پڑہنا
	۳	یہ تینون چیز آہستہ پڑہنا۔
	۴	الحمد کے پیچھے آمین آہستہ کہنا۔
	۵	فجر کی پہلی رکعتون مین لمبی قراءت پڑہنا۔
قراءت مین مستحب کتنے ہین۔		سات ہین۔
	۱	تین آیت سے زیادہ پڑہنا
	۲	مد اور تلفظ مخارج وغیرہ عرب کے قاعدے کے موافق پڑہنا
	۳	حضر[۱] مین فجر اور ظہر کی نماز مین بڑے بڑے سورے پڑہنا
	۴	فرض کے آخری دو رکعت مین الحمد پڑہنا۔
	۵	ہر رکعت مین الحمد کے اوپر بسم اللہ پڑہنا
	۶	حتی المقدور کہانسی کو دفع کرنا۔
	۷	جمائی آوے تو منہ کو بند کرنا۔
قراءت مین مکروہ کتنے ہین		ستائیس ۲۷ ہین
	۱	آہستہ پڑہنے کی چیز کو پکار کر پڑہنا۔
	۲	انگلیون سے آیتین گننا۔
	۳	کہنکارنا بغیر عذر کے۔
	۴	منہ مین کچھ چیز رکھنا
	۵	رکوع مین قراءت تمام کرنا۔

[۱] یعنی مقیم

۶	قیام کے سواے قرارت پڑہنا۔
۷	قرارت مین ایسی جلدی کرنا کہ طریق سنت فوت ہووے
۸	نماز مین ایک ہی سورت معین کرکے پڑہنا۔
۹	ایک رکعت مین دو سورتین جمع کرکے پڑہنا ایسا کہ درمیان ایک سورہ رہے۔
۱۰	ایک آیت چھوڑکے دوسری آیت پڑہنا۔
۱۱	پچھلی سورت اول پڑہنا
۱۲	فرض نماز مین اوّل رکعت سے دوسری رکعت مین تین آیت کے موافق دراز پڑہنا۔
۱۳	رحمت یا عذاب کی آیت پر ٹھہرنا۔
۱۴	امام کو سنت طریق سے زیادہ پڑہنا
۱۵	لوگون کے واسطے سنت کے برخلاف کم کرنا
۱۶	امام تین آیت پڑہکر اگر بھولے تو رکوع کرے مقتدی یاد دلانے کیواسطے توقف کرنا۔
۱۷	امام کے پیچھے مقتدی قرارت پڑہنا۔
۱۸	آہستہ نماز مین سجدے کی آیت پڑہنا۔
۱۹	فرض نماز مین امام ایک آیۃ کو خوشی سے یا غمی سے دوبارہ پڑہنا۔
۲۰	ایک رکعت مین ایک سورہ کے آخر تین آیت

سوال	جواب
	دوسرے رکعت مین بدستور دوسرے سورہ کی اخیر تین آیت پڑہنا - کنز ۱۲
۲۱	فرض نماز مین ایک چھوٹا سورہ دو رکعت مین تقسیم کرکر پڑہنا -
۲۲	الحمد کے بعد چھوٹی آیت یا دو آیت پڑہنا
۲۳	فرض کی رکعت مین سورہ دوبار پڑہنا دوسری یاد نہونے پر
۲۴	مقتدی خوف کی یا بشارت کی آیت سنکر صدق الله یا بلغت رسول الله کہنا -
۲۵	الحان سے اور راگ کی طرح سے پڑہنا -
۲۶	مصحف دیکھکر قرارت پڑہنا -
۲۷	ایک آیت کو دوبار پڑہنا -
رکوع مین سنت کتنے ہین -	دس ہین -
۱	تکبیر کہتے ہوئے رکوع کرنا -
۲	امام کو تکبیر پکار کر کہنا -
۳	رکوع مین زانو پکڑنا -
۴	زانو پکڑنے کے سب انگلیونکو بہت کھولنا -
۵	تسبیح تین بار پڑہنا -
۶	تسبیح آہستہ کہنا -
۷	تسمیع و تحمید تنہا دونون کہنا -

سوال	جواب
۸	تسمیع وتحمید پڑہنے کے بعد قومہ مین آنا۔
۹	امام کو سمع اللہ لمن حمدہ پکار کر کہنا۔
۱۰	قومہ مین ہر عضو اپنے جاے پر قرار پاے تبتک توقف کرنا
رکوع مین مستحب کتنے ہین۔	پانچ ہین۔
۱	سرین اور پیٹہ اور سر برابر رکھنا۔
۲	پانون کی پیٹہ پر نظر رکھنا۔
۳	تنہا شخص کو تسبیح زیادہ تین بار سے کہنا۔
۴	مردونکو بازو شکم سے دور رکھنا۔
۵	قومہ مین ہاتھ نیچے چھوڑنا۔
رکوع مین مکروہ کتنے ہین۔	انیس ہین
۱	رکوع مین جانے کے وقت دونون ہاتھ اوپر اُٹھانا
۲	رکوع سے سر اُٹھانے کے وقت بدستور پھر ہاتھ اُٹھانا امام شافعی کے مذہب مین جائز ہے
۳	تسبیح کے بعد سر اُٹھاتے وقت اور پھر سجدے مین جاتے وقت تکبیر نہ کہنا۔
۴	فرض نماز مین تسبیح کے بعد دعاے ماثورہ پڑہنا
۵	رکوع مین تسبیح پکار کر پڑہنا۔
۶	تین مرتبہ سے تسبیح کم پڑہنا۔
۷	تسبیحات ترک کرنا۔

سوال		جواب
	۸	قومہ ترک کرنا۔
	۹	رکوع مین اور قومہ مین طمانیت ترک کرنا۔
	۱۰	پیٹھ اور سرین سے سر بلند کرنا۔
	۱۱	رکوع مین سر زیادہ جھکانا۔
	۱۲	دونون ہاتھ کی ہتھیلیان دونون زانون کے درمیان ایک دوسرے سے ملانا۔
	۱۳	سمع اللہ لمن حمدہ اور ربنا لک الحمد سر اٹھاتے وقت کھڑے رہنے کے وقت تمام نہ کرنا۔
	۱۴	کوئی مقتدی آوے اور اسکے آنیکی آواز سنکر امام منتظر رہنا۔
	۱۵	انگلیون سے تسبیح کو شمار کرنا۔
	۱۶	دونون بازو شکم کو لگانا۔ مرد
	۱۷	زمین سے پانون کی انگلیون کو اٹھانا۔
	۱۸	مقتدی کا امام سے اول رکوع کرنا۔
	۱۹	امام سے بھی آپ جلد سر اٹھانا۔
سجدے مین سنت کتنی ہین۔		دس ہین۔
	۱	تکبیر کہتے ہوے سجدے مین جانا۔
	۲	امام تکبیر پکار کر کہنا۔
	۳	سات اعضا سے سجدہ کرنا۔

سوال		جواب
	۴	تین بار تسبیح کہنا۔
	۵	تسبیح آہستہ پڑہنا۔
	۶	سر اُٹھاتے وقت تکبیر کہنا۔
	۷	امام اس تکبیر کو پکار کر کہنا۔
	۸	دو سجدے کے درمیان بیٹھنا جسکو جلسہ کہتے ہین
	۹	ایک تسبیح کہنے کے موافق جلسہ مین توقف کرنا۔
	۱۰	تکبیر کہتے ہوے دوسرے سجدے مین جانا۔
سجدے مین مستحب کتنے ہین۔		دس ہین۔
	۱	جو عضو کے زمین کے نزدیک ہین وہ اول زمین پر رکھنا زانو وغیرہ
	۲	اُٹھتے وقت اسکے برعکس اُٹھانا۔
	۳	سجدے کے وقت انگلیونکو ملانا۔
	۴	دونون ہاتھ کے بیچ مین سجدہ کرنا۔
	۵	قبلہ کی طرف انگلیون کو رکھنا۔
	۶	تنہا شخص کو تین بار سے زیادہ تسبیح کہنا۔
	۷	بازو شکم سے اور شکم ران سے اور ران پنڈلی سے دور رکھنا مرد
	۸	پیشانی اور ناک دونون زمین پر رکھنا۔
	۹	سجدے مین ناک اور رخسارون پر نظر رکھنا۔

	۱۰	دونون پانون کی انگلیونکو زمین پر رکھنا
سجدے مین مکروہ کتنے ہین۔		ستائیس ۲۷ ہین۔
	۱	پانون کی انگلیون کو زمین سے اُٹھانا۔
	۲	فرض نماز مین سوا تسبیح کے اور دعاے ماثورہ بھی پڑہنا۔
	۳	تسبیحات پکار کر کہنا۔
	۴	سجدے مین تکبیر تمام نہ کرنا۔
	۵	زمین پر پھونکنا۔
	۶	زانو کے اول بے عذر دونون ہاتھہ رکھنا۔
	۷	اُٹھنے کے وقت بے عذر دونون ہاتھہ کے اول زانو اُٹھانا۔
	۸	سجدے کے واسطے دو بار سے زیادہ کنکری صاف کرنا۔
	۹	سجدے کے وقت انگلیون کو کھولنا۔
	۱۰	بغیر عذر کے پگڑی کے پیچ پر سجدہ کرنا۔
	۱۱	سجدے مین مٹی لگنے کے خیال سے کپڑے کا دامن یا آستین زمین پر بچھانا۔
	۱۲	مردونکو شکم ران سے اور ران پنڈلی سے اور پنڈلی زمین سے ملی ہوئی رکھنا۔ عورت کو ان

سوال		جواب
		چیتروں کا جدا جدا رکھنا مکروہ ہے۔
	۱۳	بغیر ازدحام کے بازو شکم سے لگے ہوئے رہنا
	۱۴	مردونکو دونو بازو زمین پر بچھانا۔
	۱۵	بے عذر سجدے کے وقت ہاتھ زمین سے اُٹھانا
	۱۶	پاؤن کی انگلیان قبلہ کی طرف سے پھیرنا۔
	۱۷	کوئی تصویر سر رکھتی ہوئی یا بڑی بے تامل نظر آوے اُسپر سجدہ کرنا۔
	۱۸	جلسہ مین ایک پاؤن پر بیٹھنا۔
	۱۹	دو سجدے کے درمیان کا جلسہ ترک کرنا۔
	۲۰	جلسے مین کتے کے مانند بیٹھنا۔
	۲۱	جلسہ مین چار زانو بیٹھنا۔
	۲۲	جلسہ مین ایڑیون پر بیٹھنا۔
	۲۳	جلسہ مین طمانیت ترک کرنا۔
	۲۴	بغیر عذر کے فقط ناک یا فقط پیشانی پر سجدہ کرنا۔
	۲۵	امام کے پہلے مقتدی کا سجدہ مین جانا۔
	۲۶	مقتدی کا امام کے آگے سر اُٹھانا۔
	۲۷	سجدہ مین آنکھین بند کرنا۔
قعدہ مین سنت کتنے ہین۔		چھ ہین۔
		تکبیر کہتے ہوئے سجدے سے قعدہ مین آنا۔

سوال		جواب
	۲	امام کو تکبیر بلند کہنا۔
	۳	بیٹھنے کے واسطے پانون بایان بچھانا اور سیدھا پانون کھڑا کرنا۔ مرد
	۴	آخری قعدہ مین تشہد کے بعد درود پڑھنا۔
	۵	دعاے ماثورہ یا دوسری دعا پڑھنا۔
	۶	تشہد اور درود اور دعا آہستہ پڑھنا۔
قعدہ مین مستحب کتنے ہین		سات ہین۔
	۱	زانون پر دونون ہتیلیان رکھنا۔
	۲	انگلیان کشادہ کرکے زانونکے اوپر رکھنا۔
	۳	ہاتھہ پانونکی انگلیان کا رُخ قبلہ کی طرف رکھنا۔
	۴	انگلیان اپنی قدیم عادت کے موافق رکھنا۔
	۵	گود مین نظر رکھنا۔
	۶	دامن سے دونون پانون ڈھانکنا۔
	۷	امام دونون سلام سے فراغت پاے تک مسبوق کو منتظر رہنا۔
قعدہ مین مکروہ کتنے ہین۔		دس ہین۔
	۱	ایڑی پر بیٹھنا
	۲	کتے کی طرح بیٹھنا
	۳	چار زانو بیٹھنا۔

سوال	جواب
۴	تشہد سے آگے بسم اللہ یا درود یا دعا پڑہنا۔
۵	تشہد سے دونون زانونکو پکڑنا۔
۶	تشہد مردی پر زیادہ الفاظ ملانا۔
۷	سلام سے آگے خاک یا پسینہ پیشانی سے پوچھنا
۸	بغیر عذر کے امام تشہد یا درود یا دعا پڑہنا۔
۹	مسبوق امام کے سلام سے آگے قضا نماز کے واسطے کھڑا ہونا۔
۱۰	گودمین نہین دیکھنا۔
سلام مین سنت کتنے ہین۔	دو ہین۔
۱	سیدہے طرف اور داہین طرف سلام کرنا۔
۲	امام کے ساتھہ مقتدی کو اپنا سلام ملانا۔
سلام مین مستحب کتنے ہین	پانچ ہین۔
۱	سیدہے طرف منہ پھرانا پھر بائین اسقدر رخسارے کی سفیدی دونون طرف دیکھی جاوے۔
۲	سلام کے وقت اپنے کاندہون پر نظر رکھنا۔
۳	امام کو سلام کی نیت مقتدیون اور نگہبانی کو فرشتونکی کرنا
۴	مقتدیونکو نیت امام کی کرنا جسطرف کہ امام ہووے اگر امام کی پیٹہ پیچھے ہووے تو دونون طرف کرنا تنہا شخص یعنی منفرد نیت نگہبان فرشتون کی کرنا۔

سوال	جواب
۵	امام کو اول سلام بلند دوسرا سلام اُس سے آہستہ کہنا
سلام مین مکروہ کتنے ہین	پانچ ہین
۱	یک سلام پر کفایت کرنا ۔
۲	دونون سلام آہستہ کہنا ۔
۳	اوّل کے سلام سے دوسرا سلام بلند کہنا ۔
۴	السلام وعلیکم ورحمت اللہ کے اوپر کچھ الفاظ زیادہ کرنا یعنی برکاتہ ۔
۵	بغیر سنت کے طریق سے نماز کے باہر آنا ۔ جیسا کہ عمداً وضو توڑے یا بات کرے سواے سلام کے جو طور ہے ۔
نماز مین مردون سے خلاف عورتونکو کتنی چیز ہین ۔	نو چیز ہین ۔
۱	تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ کاندھے تک اٹھانا
۲	سینے کے نیچے ہاتھ باندھنا ۔
۳	رکوع مین انگلیان زانون تک پہنچانا
۴	انگلیان کشادہ نہ کرنا ۔
۵	سجدے مین پیٹ ران کی نزدیک اور بغل پہلو کو متصل رکھنا
۶	تمام اعضا ملے ہوے رکھنا ۔
۷	پانون کی انگلیان کھڑی کرنا ۔

سوال	جواب
۸	بیٹھنے کے وقت دونوں پانوں سیدھے طرف باہر نکالنا
۹	پکار کے پڑھنے کی قرارت بھی آہستہ پڑھنا۔

نماز مسافر

سوال	جواب
مسافر کو کونسی نماز قصر پڑھنا	جو چار رکعت ہیں انہیں سے دو رکعت پڑھنا۔
بیان کرو وہ کونسی نمازیں ہیں	ظہر و عصر و عشا کو قصر پڑھنا۔
اگر امام مسافر ہو تو کتنی رکعت پڑھنا	وہی تین نمازوں کو قصر پڑھنا۔
اگر مقتدی مسافر ہو تو کتنی رکعت پڑھنا	امام مقیم کے پیچھے پوری نماز پڑھنا قصر نہ کرنا۔
مسافر مغرب اور صبح کی کتنی رکعت پڑھنا	پوری نماز پڑھنا قصر نہ کرنا۔
مسافر سنت کو قصر کرنا یا نہیں	سنت کو قصر نہیں کرنا پوری نماز ادا کرنا۔
مسافر کی مدت کب تک ہے	جب تک تعین اقامت نہ کرے مسافر ہے۔

نماز جمعہ

سوال	جواب
نماز جمعہ کی پڑھنا کیا ہے۔	جماعت کے ساتھ پڑھنا فرض ہے
نماز جمعہ میں خطبہ پڑھنا کیا ہے۔	واجب ہے۔
نماز جمعہ میں خطبے کتنے ہیں	۲ دو ہیں۔
اول کا خطبہ اور بعد کا خطبہ کیا ہے	دونوں واجب ہیں۔
نماز جمعہ میں خطبہ اول ہے یا نماز	خطبہ اول ہے بعد نماز
خطبہ پڑھتے وقت سنت نماز	کوئی نماز اس وقت نہیں پڑھنا

سوال	جواب
وغیرہ پڑھ سکتے ہیں یا نہیں	
نماز جمعہ کے کتنے رکعت ہیں بیان کرو۔	دس ہیں۔ ۴ سنت ۲ فرض ۴ سنت
نیت نماز جمعہ	اُسقِطُ صَلٰوۃَ فَرضِ ھٰذَا الظُّھرِ عَن ذِمَّتِی بِاَدَاءِ صَلٰوۃِ الجُمُعَۃِ لِلّٰہِ تَعَالٰی اِقْتَدَیتُ بِھٰذَا الاِمَامِ
خطبہ پڑھتے وقت مقتدی کسطرح بیٹھنا۔	اول خطبہ میں جیسا کہ نماز بیٹھکے پڑھتے ہیں۔ دوسرے خطبہ میں جیسے تشہد پڑھتے ہیں۔

نماز عید الفطر

سوال	جواب
عید الفطر کسکو کہتے ہیں	یکم شوال کو یعنی پہلی تاریخ کو
عید الفطر کی نماز پڑھنا کیا ہے	واجب ہے۔
اس نماز میں خطبہ اول ہے یا بعد	خطبہ اس نماز میں بعد ہے۔
کسوقت نماز پڑھنا	اشراق کے وقت سے قریب دوپہر تک کا ہی
کتنے رکعت نماز پڑھنا۔	دو رکعت جماعت کے ساتھ پڑھنا۔
اس نماز کے آگے کچھ کھا سکتے ہیں یا نہیں	نماز کے آگے کھانا سنت ہے۔
صدقہ فطر دینا کیا ہے۔	واجب ہے۔
صدقہ فطرہ اول نماز کو دینا یا بعد	دونوں وقت جائز ہے۔ اول وقت افضل ہے

سوال	جواب
صدقۂ فطر وزن کتنا ہے۔	سوا دو سیر گندم تخمیناً ایک آدمی یعنی نصف صاع

نماز عید الضحیٰ

سوال	جواب
عید الضحی کسکو کہتے ہین	دسوین تاریخ ذیحجہ کو۔
نماز عید الضحی اور عید الفطر مین کیا فرق ہے۔	دونون عیدون کی نماز ایک ہی ہے۔
اس نماز کے آگے کچھ کھا سکتے ہین یا نہین۔	نہین کہا سکتے۔
قربانی کرنا کیا ہے۔	واجب ہے۔
کسوقت قربانی کرنا	بعد نماز کے۔
کب سے کب تک قربانی کرنا	دسوین تاریخ ذیحجہ سے ۱۲ تاریخ ذیحجہ تک
قربانی کس پر واجب ہے	جو صاحب نصاب ہے۔
تشریق کے دن کب سے کب تک ہین	نوین تاریخ ذیحجہ کی صبح سے تیرہوین تاریخ ذیحجہ کی عصر تک ہے۔
تکبیر تشریق کسکو کہتے ہین۔	اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔
تکبیر تشریق کتنے نماز کے بعد کہنا۔	تئیس ۲۳ نماز کے بعد کہنا۔

نماز جنازہ

سوال	جواب
نماز جنازے کی پڑھنا کیا ہے۔	فرض کفایہ ہے۔

سوال	جواب
فرض کفایہ کسکو کہتے ہین۔	اگر ایک شخص بھی ادا کردے سب کے سر سے اتر جاتا ہے اور اگر کوئی ادا نکرے سب گنہگار ہون۔
نماز جنازہ مین کتنی تکبیرین ہین	چار ہین
اول تکبیر مین	ثنا پڑہنا
دوسری تکبیر مین	درود ابراہیمی پڑہنا۔
تیسری تکبیر مین	یہ دعا پڑہنا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا تا آخر
لڑکے کو یہ دعا پڑہنا۔	اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا تا آخر
لڑکی کو یہ دعا پڑہنا۔	اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا تا آخر
چوتھی تکبیر مین	یہ دعا پڑہ کر سلام پھیرنا رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا تا آخر

روزے کے بیان مین

سوال	جواب
روزے مین کتنی فرض ہین	تین ہین
۱	نیت کرنا۔
۲	کھانے پینے سے باز آنا۔
۳	وطی نہ کرنا۔
روزے رمضان کے رکھنا کیا ہے	فرض ہے
روزے کسپر فرض ہین	انسان تندرست پر مرد عاقل وبالغ مقیم پر اور عورت حیض ونفاس سے پاک ہو۔
روزہ قضا کسکو کہتے ہین	کسی سبب سے روزہ نہ رکھنا ایک کے عوض مین

سوال	جواب
	ایک روزہ رکھنا۔
روزہ کفارہ کسکو کہتے ہین	کسی نے روزہ عمداً توڑا ایک روزے کے عوض مین ساٹھ روزے پے در پے رکھنا۔

بیان زکواۃ

سوال	جواب
زکواۃ دینا کیا ہے	فرض ہے۔
زکواۃ کسپر فرض ہے	مسلمان عاقل و بالغ اور حرّو یعنی آزاد پر جو مالک نصاب کا ہو۔
نصاب کسکو کہتے ہین	باون تولہ ۶ ماشہ چاندی ہوتی ہے یا ساڑھے سات تولہ سونا۔
زکواۃ ہر انسان کتنا دینا	چالیسوان حصّہ ایک سال گزرے پر دینا۔

بیان حج

سوال	جواب
حج کرنا کیا ہے۔	فرض ہے۔
کس پر فرض ہے	جسکو خدا تعالیٰ سواری اور مال کی فراغتی دیوے جسکو حج کو جانا منظور ہو تو فقہ کی کتاب پڑھلے۔

نماز پڑھنے کا طریقہ جو موافق سنت کے ہے

سوال	جواب
صلّوا کما رایتمونی اصلّی ـ	تم نماز کرو تم جیسا کہ دیکھتے ہو تم نماز مین مجھے۔

جو شخص نماز پڑہنے کا ارادہ کرے اُسکو لازم ہے کہ اوّل اپنے دلکو حاضر رکھکر نیت نماز کی ادا کرے اللہ اکبر کہے اسمین نمازی مختار ہے کہ اول ہاتھ اُٹھاوے یا شروع تکبیر سے تمام ہونے تک ہاتھونکو اُٹھانا اور باندہنا دونوں عمل مین لاوے پھر بہر حال انگلیان سیدہی اور دونون ہتیلیان قبلہ کی طرف رکھکر کشتی کے دوئی کی طرح اُتار کر ناف کے نیچے سیدہے ہاتھ کی ہتیلی کو بائین ہاتھ کی پشت پر رکھکر چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے پونچا پکڑے باقی تین انگلیان ساعد پر برابر رکھے بعدہ ثنا اور اعوذ باللہ بسم اللہ آہستہ پڑہ کر الحمد شروع کرے اور بعد الحمد کے کوئی سورہ یا تین آیت قرآن کی پڑہے جبکہ ولا الضالین کہے تب آمین آہستہ کہے اور مقتدی بھی بدستور امام کے آمین آہستہ پڑہے بعدہ قیام مین قرارت تمام کرے مقتدی کو قرارت پڑہنا ضرور نہین کھڑے ہوتے وقت دونون پانونمین چار انگشت کا فاصلہ رکھے اور زور دونون پانون پر برابر رکھے اور نظر پانون سے سجدہ گاہ تک رکھے اور کسی عضو کو حرکت نہ دوے دلکو قایم اور اعضا کو برقرار رکھنا چاہیے اور قرارت کے بعد اللہ اکبر کہتے ہوے رکوع مین جانا اللہ سے شروع کرکے اکبر پر تمام ہونے تک زانون پر ہاتھ رکھکر انگلیان کشادہ کرکے دونون ہاتھ کی ہتیلیان سے زانونکو مضبوط پکڑنا اور سر اور پیٹھ اور سرین ایسا برابر رکھنا کہ اگر پشت پر پانی کا کٹورہ رکھے تو لغزش نہ کھاوے اور ہاتھونکو کمان کے چلہ کے مانند سیدہے رکھنا اُسوقت مین پانون کی پشت پر نظر رکھکر تسبیح تمام کرنا اگر

امام جلدی کرے تو آپ تمام کر کر اُٹھے بعد سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہٗ کہتے ہوئے سر اُٹھا دے
اور اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الحَمد کھڑا ہو کر بولے اَللّٰہُ اَکبَر کہتے ہوئے سیدھا بیٹھنا
جیساکہ کوئی پانی مین بیٹھتا ہے اول زانو پھر ہاتھ بعد ناک بعدہ پیشانی
زمین پر رکھنا بشرطیکہ اس حالت مین سیدھا رُخ کی طرف مائل ہوئے اگر مقتدی
ہو تو اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الحَمد کہتے ہوئے اُٹھنے کے وقت برعکس
اسکے بجالانا یعنی بائین طرف سے شروع کرکے اور سجدہ پیشانی اور ناک سے
کرکے اور دونون بازو پہلو سے جدا اور زمین سے بلند رکھے اگر ازدحام
نہ ہووے تو اس ترتیب سے گزارے ورنہ جس طرح کہ میسر ہووے اس
موافق نماز ادا کرے ۔ اور شکم اور ران مین تفاوت رکھنا بلندی اس قدر ہووے
کہ بکری کا بچہ نکل جاوے یہ بات تب حاصل ہوتی ہے کہ ہر ایک عضو اپنی
جگہ پر قایم رہے اور زانو برابر رکھے اور بوجھ ہاتھون اور ناک اور پیشانی پر
برابر رکھے اگر دراز یا کوتاہ ہووے تو بلندی اور کشادگی مین خلل ہوتا ہے
اور بوجھ بھی پیشانی پر آتا ہے یہ بات بزرگون کے اوراد مین ہی سجدے
کے وقت نظر نوک بینی پر رکھنا ۔ اور دونون ہاتھ کی انگلیان برابر رکھنا اور
انگوٹھے دونون کانون کے برابر رکھنا مستحب ہے بلکہ مسنون ہے ۔
اور دونون پانون کی انگلیان قبلہ کی طرف رکھ کر سینہ کا بوجھ پانون پر رکھنا
بعدہ تسبیح پڑھ کر اللہ اکبر بولتے ہوئے تشہد مین بیٹھنے کی جگہ تھوڑا وقت
بیٹھکر تکبیر کہتے ہوئے دوسرا سجدہ ادا کرنا بعدہ اللہ اکبر کہتے ہوئے بغیر
زمین کے ٹیکے کے کھڑے رہنا عام لوگون کی طرح درمیان مین ہاتھ نہ باندھ

اسواسطے کہ قرارت پڑہنے کے وقت ہاتھ باندہنے کا حکم ہے یہ ترکیب جو بیان کی ہے سو مردونکے واسطے ہے اور عورتون کے لیے اور نو چیزین ہین مردونکے خلاف۔ اوّل تکبیر کے وقت ہاتھ کا مونڈہے تک اُٹھانا۔ دوسرے سینہ کے نیچے ہاتھ باندہنا۔ تیسرے رکوع مین انگلیان زانون تک پہونچانا۔ چوتھے انگلیان کشادہ کرنا۔ پانچوین سجدے مین پیٹ رانکے نزدیک اور بغل پہلو کے متصل رکھنا چھٹے تمام اعضا ملے ہوے رکھنا۔ ۷۔ پانوکی انگلیان کھڑی کرنا۔ ۸۔ بیٹھنے کے وقت دونون پانون سیدہے طرف سے باہر نکالنا۔ ۹۔ پکار کر پڑہنے کی قرارت بھی آہستہ پڑہنا۔ جب ایک رکعت تمام ہوئی دوسری بھی اسی موافق بجالانا۔ ثنا اور اعوذ باللہ نہ پڑہنا جب کہ دوسری رکعت کے سجدے سے فارغ ہوئے تب بائین پانون پر بیٹھنا اور سیدہا پانون کھڑا کرے اور دونون ہاتھ زانون پر رکھے اسی طور سے کہ انگلیون کے اطراف قبلہ کی طرف زانونکے کنارے برابر رکھے اور نظر گود مین رکھنا اور شہادت کے وقت اشارہ کرنا[1]۔ جبکہ تشہد سے فارغ ہوئے تیسری رکعت کیواسطے بغیر زمین کے ٹیکے کے اٹھ کر کھڑا رہنا۔ بعدہ سورۂ

---

[1] اوّل چھوٹی اُنگلی اور اُسکے نزدیک کی اُنگلی کو بند کرنا اور انگوٹھے کو اور بیچ کی انگلی کو برابر حلقہ کرکے انگلی شہادت کی سیدہی رکھنا شہادت کے وقت جب کہ لَا اِلٰہ کا حرف کہے تب شہادت کی اُنگلی کھڑی کرنا۔ اور اِلَّا اللّٰہ کہنے کے وقت بدستور سابق چھوڑ دینا۔

فاتحه معه بسم الله پڑھے اگر تین رکعت ہو تو بیٹھ کے تشہد اور درود اور دعاے
ماثوره پڑھے اگر چار رکعت ہو تو پوری پڑھ کر مومنون کی اور ملائکون کی نیت
سے سلام اس طور سے کہنا که اپنی نظر دونون کندھون پر پڑے اور رخساره
دوسری صف کو نظر آوے اور مقتدی جس طرف کے امام ہے اسی طرف امام
کی نیت کرے اگر امام کے پیچھے ہے تو دونون طرف کی نیت کرے که اکثر
لوگ سلام کی نیت سے غافل ہین جس نماز کے بعد سنت موکده ہے تو سلام
کے بعد تھوڑا توقف کرنا دعا ایک سطر یا دو سطر کی پڑھنا ۔

قاعدهٔ نماز

سوال	جواب
نماز کو کھڑا رہے تو دونون پاؤن مین کتنا فاصله ہونا ۔	چار انگل مرد ۔ عورت ملے ہوے رکھنا ۔
کھڑے ہوکر نماز پڑھنے کو کیا کہتے ہین	قیام
تکبیر تحریمه کو ہاتھ کہان تک اٹھانا ۔	دونون کانون کی لولکون تک مرد عورت مونڈھون تک ۔
تکبیر تحریمه کسکو کہتے ہین ۔	الله اکبر
ہاتھ کہان باندھنا ۔	ناف کے نیچے مرد ۔ عورت چھاتی پر
قیام مین نظر کہان رکھنا ۔	سجدے کی جگه پر
نماز مین آنکھین کھلی رکھنا یا بند	کھلی رکھنا ۔
نماز مین پاؤن زمین سی اٹھاے تو نماز جاتی یا رہتی	نماز جاتی

سوال	جواب
نماز مین ادہر اودہر منہ پہیر کر دیکھے تو نماز جاتی یا نہین -	نماز جاتی ہے -
نماز مین کلام کرے مثلاً کہاوے یا کہاے وغیرہ تو نماز باقی رہتی یا نہین	نماز جاتی ہے
ثنا کسکو کہتے ہین -	سُبحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيرُكَ
تعوذ کسکو کہتے ہین -	اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيطَانِ الرَّجِيمِ
تسمیہ کسکو کہتے ہین	بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ
سورہ فاتحہ کسکو کہتے ہین	اَلحَمدُ لِلّٰهِ رَبِّ العٰلَمِينَ الخ
سورہ اخلاص کسکو کہتے ہین	قُل هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ - الخ
رکوع کسکو کہتے ہین	جہک کے گہٹنے پکڑنے کو -
رکوع مین نظر کہان رکہنا .	دونون پانون کے بیچون پر -
رکوع کی تسبیح	سُبحَانَ رَبِّيَ العَظِيمِ
تسمیع	سَمِعَ اللّٰهُ لِمَن حَمِدَهٗ
تحمید	رَبَّنَا وَلَكَ الحَمدُ -
رکوع سے سیدہا کہڑے رہنے کو کیا کہتے ہین -	قومہ
سجدہ کسکو کہتے ہین	سات اعضا زمین کو لگانا یعنی دو پانون دو گہٹنے دو ہاتہہ ناک پیشانی -

سوال	جواب
دو سجدے کے درمیان بیٹھنے کو کیا کہتے ہین۔	جلسہ
سجدے کی تسبیح	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی
سجدے مین نظر کہان رکھنا۔	دونون گال نگیر تُونی پر
قعدہ کسکو کہتے ہین۔	نماز مین بیٹھنے کو۔
قعدہ مین نظر کہان رکھنا۔	گود مین
تشہد کسکو کہتے ہین۔	اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ تا آخر
درود ابراہیمی کسکو کہتے ہین۔	اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ تا آخر
دعاے ماثورہ کسکو کہتے ہین	اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ تا آخر

(ہدایت۔ اُستاد کو چاہیے تمام لڑکونکو کھڑا کرکے ایک لڑکے کو روبرو ترتیب نماز ادا کرائین)

مسائل متفرقہ ضروری

سوال	جواب
بے وضو قرآن شریف چھونا یا نہین	نہین چھونا۔
بے وضو قرآن شریف پڑہ سکتے ہین یا نہین	حفظ پر یعنی یاد ہونے پر پڑہ سکتے ہین۔
حاجت غسل والا اور حیض و نفاس والی مسجد مین جانا یا نہین۔	جانا روا نہین۔
بے وضو اذان دینا یا نہین۔	اذان دینا روا ہے پر اقامت روا نہین
نماز کیا ہے۔	دین کا ستون ہے۔

سوال	جواب
اذان دینے مین کتنا ثواب ہے۔	اگر ایکبار کہا واجب ہوئی اسکے لیے بہشت جب پانچون وقت اذان کہا بخشے گئے گناہان اسکے سب کے سب۔
مسجد کو نماز پڑہنے جانا کتنا ثواب ہے	اللہ تعالی ہر قدم پر ایک نیکی زیادہ کرتا ہے اور ایک گناہ مٹاتا ہے۔
تنہا نماز پڑہنا کتنا ثواب ہے۔	ایک نماز کا ثواب ملتا ہے۔
جماعت سے نماز پڑہنا کیا ہے	سنت موکدہ ہے بعض علما نے واجب کہا ہے
جماعت سے نماز پڑہنا کتنا ثواب ہے	ستائیس ۲۷ نماز کا ثواب ملتا ہے۔
محلہ کی مسجد مین نماز پڑہنا کتنا ثواب ہے	پچیس نماز کا ثواب ملتا ہے۔
جمعہ مسجد مین نماز پڑہنا کتنا ثواب ہے	پانسو نماز کا ثواب ملتا ہے۔
بیت المقدس کی مسجد مین نماز پڑہنا کتنا ثواب ہے۔	ہزار نماز کا ثواب ملتا ہے۔
کعبہ شریف کی مسجد مین نماز پڑہنا کتنا ثواب ہے۔	لاکھہ نماز کا ثواب ملتا ہے۔
جو شخص جماعت مین داخل ہوتا ہے کتنا ثواب ملتا ہے۔	دس بدی نکالکر دس درجہ اسکے اعمال نامہ مین زیادہ کرتے ہین۔
قرآن شریف مین جز کتنے ہین	تیس ۳۰ ہین۔
قرآن شریف مین سورہ کتنی ہین	ایکسو چودہ ۱۱۴ ہین۔
قرآن شریف مین منزل کتنے ہین۔	سات ہین۔

سوال	جواب
قرآن شریف مین سجدے کتنے ہین	۱۴ چودہ ہین
قرآن شریف مین رکوع کتنے ہین	۵۴۸ پانسو اڑتالیس ہین۔
قرآن شریف مین آیت کتنے ہین	۶۶۶۶ چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ ہین
" مین کلمات کتنے ہین	۶۶۸۰ چھ ہزار چھ سو اسی ہین۔
" مین حروف مقطعات کتنے ہین۔	۳۲۱۰۱۶۹۹ تین کروڑ اکیس لاکھ ایک ہزار چھ سو ننیانوے
قرآن شریف مین بسم اللہ کتنے ہین۔	۱۱۴ یکسو چودہ ہین۔
اذان کہنا کیا ہے	سنت ہے۔
اقامت کہنا کیا ہے۔	سنت ہے۔
نماز مین قرارت سنانا کیا ہے	واجب ہے۔
قرآن شریف پڑھنا کیا ہے	سنت ہے۔
" سنانا کیا ہے	واجب ہے۔
سلام کرنا کیا ہے	سنت ہے۔
سلام کا جواب دینا کیا ہے	واجب ہے۔
واجب کا ترک کرنا کیا ہے	مکروہ تحریمی ہے۔
حلال کسکو کہتے ہین	جیساکہ نکاح کرنا کھانا پینا وغیرہ
حرام کسکو کہتے ہین۔	حرام وہ ہے جو دلیل قطعی سے جسکی ممانعت ثابت ہو۔ جیساکہ شراب وگوشت سوّر وغیرہ۔
جائز کسکو کہتے ہین۔	جائز وروا دونون ایک ہی قول ہے

سوال	جواب
روا کسکو کہتے ہین	روا جایز دونون ایک ہی قول ہے -
مباح کسکو کہتے ہین -	ایسا کام جسکے کرنے سے گناہ نہ ہو جیسا کہ شکار کرنا
منع کسکو کہتے ہین	جو کام قرآن و حدیث کے خلاف ہو -
بدعت کسکو کہتے ہین	جو بات بعد انتقال آن حضرت محمد صلی اللہ علیہ کے ایجاد کی ہون -
بدعت کتنے قسم کی ہے -	دو قسم کی ہے -
	بدعت حسنہ جیسا کہ سوم یعنی زیارت و مولود شریف کرنا وغیرہ
	بدعت سیئہ جیسا کہ رسوم شادی وغیرہ مین کرنا جیسے رت جگا وغیرہ
جہر پڑہنا کسکو کہتے ہین	پکار کر پڑہنے کو یعنی اسطرح کہ اپنے بازو کا شخص سن پائے -
سر پڑہنا کسکو کہتے ہین	آہستہ پڑہنے کو یعنی جہر کا عکس
سنت کا ترک کرنا کیا ہے	مکروہ تنزیہی ہے -
مستحب کا ترک کرنا کیا ہے -	مکروہ تنزیہی ہے -
روزے تمام سال مین کتنے روز حرام ہین -	پانچ روز حرام ہین
ایک روز	یکم شوال یعنی عید الفطر کے روز
چار روز	دسوین تاریخ سے ذیحجہ کے تیرہوین ذیحجہ تک -
عرفہ کسکو کہتے ہین	نوین تاریخ ذیحجہ کو

سوال	جواب
جمعہ کے روز جماعت سے ظہر کی نماز پڑہنا کہ نہین۔	جماعت سے ظہر کی نماز پڑہنا منع ہے۔
جماعت عورتون کی کرنا یا نہین۔	جماعت کرنا مکروہ تحریمی ہے۔
جمائی نماز مین آئے تو کیا کرنا۔	ڈاڑہونکو دبانا
نماز پڑہنے والے کے سامنے جانا کیا ہے۔	گناہ ہے ہرگز نہین جانا۔
نماز پڑہنے والیکو عورت نظر آوے تو نماز جاتی کہ رہتی۔	نماز جاتی ہے اجنبی ہو یا قرابت دار ہو جوان ہو
لاحق کسکو کہتے ہین	جو شخص امام کے ساتھہ تکبیر تحریمہ ملے ہے۔
مسبوق کسکو کہتے ہین	وہ شخص جو امام کی نماز کچھہ ادا کرلینے کے بعد ملتا ہے
مسبوق ثنا کتنے وقت پڑہنا	دو وقت نماز مین داخل ہونے کے وقت اپنی نماز قضا پڑہنے کے وقت
عمل کثیر کسکو کہتے ہین	دو ہاتھہ سے کام کرنیکو۔
عمل کثیر کے کرنے سے نماز جاتی کہ رہتی	نماز جاتی ہے۔
ایک رکن مین تین بار کھجلانے سے نماز جاتی ہے کہ رہتی	نماز جاتی ہے۔
امام کس نماز کے پیچھے مقتدیون	فجر اور عصر مین

سوال	جواب
کی طرف دعا مانگنا۔	
جس فرض کے پیچھے سنت ہون وظیفہ پڑہنا یا بعد سنت کے۔	فوراً فرض کے ساتھہ سنت ادا کرنا بعد وظیفہ پڑہنا۔
فرض نماز کے سلام کے بعد کیا پڑہنا	اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ۔
دعا مانگنا کیسا ہے۔	مستحب ہے۔
نماز مین دونون پانون اٹھانے سے نماز جاتی یا رہتی۔	نماز جاتی ہے۔
نماز مین ہنسنے سے نماز جاتی یا رہتی۔	نماز جاتی ہے پر وضو نہین جاتا۔
نماز مین کھلکھلا کر ہنسے تو نماز جاتی ہی یا رہتی۔	نماز اور وضو دونون جاتے ہین
اذان ہوتے وقت سلام کرنا یا نہین	سلام کرنا منع ہے۔
اگر نماز مین وضو ٹوٹا تو نماز جاتی یا رہتی	نماز نہین جاتی جتنی پڑہا ہے پھر وضو کرکے باقی نماز ادا کرے مگر بات نہ کرے
نماز مین اگر قصداً وضو توڑے تو نماز جاتی یا رہتی۔	نماز جاتی ہے۔
مقتدی امام کو نماز مین کھڑا ہونے کو کیا لفظ کہنا۔	اللہ اکبر
مقتدی امام کو نماز مین بٹھانیکو کیا لفظ کہنا۔	سبحان اللہ

سوال	جواب
مقتدی سے کوئی واجب چھوٹے تو کیا کرنا	سجدہ سہو کا نہ کرنا معاف ہے۔
سجدہ سہو کے واجب ہونے مین فرض اور نوافل سب برابر ہین یا کچھ فرق ہے	سب برابر ہین۔ کذا فی المحیط ۱۲
عیدین اور جمعہ مین سجدہ سہو کا کرنا یا نہین	سجدہ سہو کا نہ کرنا۔
جو شخص پانچ وقت کی نماز پڑہیگا کیا ہوگا	دوزخ اسپر حرام ہوگا۔
مومن اور کافر مین کیا فرض ہے	نماز کا فرق ہے۔
جو شخص عمداً جماعت کو ترک کرے گا تو کیا ہوگا۔	اسپر لعنت ہے اور جس زمین پر کہ وہ جائیگا وہ زمین اسپر لعنت کریگی۔
جو شخص جماعت سے نماز پڑہیگا کیا ہوگا	بجلی کی طرح پلصراط سے گذریگا۔
نیت کرنا زکواۃ کی کیا ہے۔	فرض ہے۔
زکواۃ دینے سے کیا ہوتا ہے	ایمان پاک ہوتا ہے۔
جو شخص زکواۃ نہ دے نماز اسکی قبول ہوتی ہے یا نہین۔	نماز اسکی قبول نہین۔
چند روزون کا ایک کفارہ دینا یا جدا جدا	ایک کفارہ کافی ہے۔
مصافحہ کسکو کہتے ہین	دو مسلمان آپس مین ہاتھ ملانے کو کہتے ہین۔
ہاتھ ملاتے وقت کیا کہنا۔	تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَمِنْكُمْ وَغَفَرَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ۔
احکام کسکو کہتے ہین	شرط کو احکام اور شرط دونون ایک قول پر

سوال	جواب
شرط کسکو کہتے ہین	باہر سے علاقہ رکھتا ہے - فرض ہے -
درست کسکو کہتے ہین -	صحیح قول کو -
مسجد مین بات کرنے سے کیا ہوگا	اعمال ضائع ہونگے چالیس سال کے -
نام خدا تعالیٰ کا کہے یا سنے یا لکھے تو کیا کہنا -	تعالیٰ یا جل جلالہٗ یا عزوجل کہنا واجب ہے -
نام محمد رسول اللہ کے ساتھ کیا کہنا	صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہنا -
اہلبیتؑ اور اصحاب کے نامونکے ساتھ کیا کہنا -	رضی اللہ عنہ کہنا -
ولی مجتہد کے نام کے ساتھ کیا کہنا -	رحمۃ اللہ علیہ کہنا -
مسلمان کو دیکھتے ہی کیا کہنا	اسلام علیکم اور رحمۃ اللہ وبرکاتہ کا کہنا افضل ہے -
چھینکے تو کیا کہنا	الحمد للہ کہنا
سننے والا کیا جواب دینا -	یَرحَمُکُمُ اللہ کہنا -
خوشی کی خبر سنے تو کیا کہنا -	سُبحَانَ اللّٰهِ وَالحَمدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكبَر کہنا -
مصیبت کی خبر سنے تو کیا کہنا -	اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيهِ رَاجِعُونَ ٭
پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تمام عمر مین درود پڑھنا کیا ہے -	فرض ہے -
جسوقت اسم مبارک پیغمبر صلی اللہ علیہ	واجب ہے اگر ترک کیا تو فاسق ہوتا ہے

سوال	جواب
وآلہ وسلم کا اپنے سے یا غیر سے سنے تو درود بھیجنا کیا ہے۔	
اگر کوئی شخص یہ دونون نام یعنی اللہ اور محمد کا سنکر درود اور تعظیم اللہ کی نہ کیا تو کیا ہوگا۔	فرض اُس پر باقی رہے گا۔
عورتونکو حیض ونفاس کے قضا نماز پڑہنا یا نہین	قضا نماز معاف ہے۔
عورتون کو حیض ونفاس کے قضا روزے رکھنا یا نہین۔	روزے قضا رکھنا۔
علم پڑہنا کیا ہے	فرض ہے۔ علم دین یعنی فقہہ وتفسیر وحدیث
استاد کے گھر جاکر علم سیکہنا کیا ہے	واجب ہے۔
اوّل کلمہ طیب	لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
دوم کلمہ شہادت	اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
سوم کلمہ تمجید	سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

سوال	جواب
چہارم کلمہ توحید	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَیُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ
پنجم کلمہ ردکفر	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِہٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِہٖ تُبْتُ عَنْہُ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّھَا اَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ وَاَقُوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
ایمان مجمل	اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَائِہٖ وَصِفَاتِہٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ
ایمان مفصل	اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ
نیت اور دعا وضو کی	اَتَوَضَّأُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ
نیت غسل کی	اَغْتَسِلُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ
نیت تیمم کی	اَتَیَمَّمُ لِرَفْعِ الْحَدَثِ

سوال	جواب
توجیہ کی آیت	اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ۔
ثنا	سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ
رکوع کی تسبیح	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ
سجدے کی تسبیح	سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی
تسمیع	سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ
تحمید	اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ
قومہ کی دعا۔ نفلوں میں	حَمْدًا كَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَكًا فِیْهِ كَمَا یُحِبُّ وَیَرْضٰی رَبُّنَا۔
جلسہ کی دعا "	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ۔
تشہد	اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
درود ابراہیمی۔	اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

سوال	جواب
	اِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ - اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ
دعاے ماثورہ	اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَا وَ الْاُسْتَاذِيَّ وَالْجَمِيعِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَ الْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيبُ الدَّعَوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ
یا یہ دعا پڑھے -	اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ -
یا یہ دعا پڑھے	اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيمُ
یہ بھی پڑھنا	رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ -
دعاے قنوت	اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِينُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنُؤْمِنُ

بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ
وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ
مَنْ يَّفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ
نُصَلِّيْ وَنَسْجُدُ وَاِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ
وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ
بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ؕ

سلام اخیر نماز کا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

فرض نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ
وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا
وَتَعَالَيْتَ يَا ذَوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَ
صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

یا یہ دعا پڑھنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اِيْمَانًا مُّسْتَقِيْمًا وَّ
فَضْلًا دَائِمًا وَّنَظَرًا رَحْمَةً وَّعِلْمًا نَافِعًا
وَّعَقْلًا كَامِلًا وَّقَلْبًا مُّنَوَّرًا وَّتَوْفِيْقًا
اِحْسَانًا وَّتَوْبَتًا نَّصُوْحًا وَّصَبْرًا جَمِيْلًا وَّ
اَجْرًا عَظِيْمًا وَّلِسَانًا ذَاكِرًا وَّبَدَنًا صَابِرًا
وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّسَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّذَنْبًا

مَغْفُوْرًا وَعَمَلًا مَقْبُوْلًا وَدُعَاءً مُسْتَجَابًا وَجَنَّةَ الْفِرْدَوْسِ وَنَعِيْمًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

فرض نماز کی نیت	اُصَلِّىْ فَرْضَ هٰذَا الْوَقْتِ لِلّٰهِ تَعَالٰى۔
وتر نماز کی نیت	اُصَلِّىْ وِتْرًا هٰذَا اللَّيْلِ لِلّٰهِ تَعَالٰى
سنت نماز کی نیت	اُصَلِّىْ سُنَّةَ هٰذَا الْوَقْتِ لِلّٰهِ تَعَالٰى
جمعہ کی نماز کی نیت	اُسْقِطُ صَلٰوةَ فَرْضِ هٰذَا الظُّهْرِ عَنْ ذِمَّتِىْ بِاَدَاءِ صَلٰوةِ الْجُمُعَةِ لِلّٰهِ تَعَالٰى اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ۔
عید کی نماز کی نیت	اُصَلِّىْ صَلٰوةَ هٰذَا الْعِيْدِ لِلّٰهِ تَعَالٰى اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ۔
تراویح کی نماز کی نیت	اُصَلِّىْ صَلٰوةَ التَّرَاوِيْحِ لِلّٰهِ تَعَالٰى
جنازہ کی نماز کی نیت	اُصَلِّىْ لِلّٰهِ تَعَالٰى وَاَدْعُوْ لِهٰذَا الْمَيِّتِ اِقْتَدَيْتُ بِهٰذَا الْاِمَامِ۔
روزے کی نیت	اَللّٰهُمَّ اَصُوْمُ غَدًا لَكَ فَاغْفِرْ لِىْ مَا قَدَّمْتُ

سوال	جواب
	وَمَا اَخَّرْتُ۔
افطار کی نیت	اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ۔
عقیقہ کی دعا۔	اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ عَقِيْقَةُ ابْنِيْ فُلَانٍ دَمُهَا بِدَمِهٖ وَلَحْمُهَا بِلَحْمِهٖ وَجِلْدُهَا بِجِلْدِهٖ وَشَعْرُهَا بِشَعْرِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا فِدَاءً لِّابْنِيْ مِنَ النَّارِ۔
قربانی کی دعا۔	اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ اُضْحِيَّةٌ مِنِّيْ تَقَبَّلْهَا كَمَا تَقَبَّلْتَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ وَمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمَا وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔
اذان سنتے ہی یہ دعا پڑھنا	لَبَّيْكَ۔ مَرْحَبًا بِالْقَائِلِيْنَ عَدْلًا وَمَرْحَبًا بِالصَّلٰوةِ اَهْلًا۔
اذان	اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ

	کا جواب دو بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کا جواب مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَکُنْ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کا جواب وہی کلمہ اخیر تک کہے
صبح کی اذان میں کونسا لفظ زیادہ کہنا۔	اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ دو بار کہے اسکا جواب صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ وَنُطِقْتَ بِالْخَیْرِ دو بار کہے۔
اقامت میں کونسا لفظ زیادہ کہنا۔	قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ دو بار کہے اسکا جواب اَقَامَهَا اللّٰہُ وَاَدَامَهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ
اذان کی دعا	اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ
جنازے کی نماز پہلی تکبیر	سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ
دوسری تکبیر	درود ابراہیمی پڑھنا صفحہ (۶۳)

تیسری تکبیر بالغ یا نابالغ ہو	اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ مَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَ غَائِبِنَا وَ صَغِیْرِنَا وَ کَبِیْرِنَا وَ ذَکَرِنَا وَ اُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَ مَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ
لڑکا ہو تو یہ پڑھنا	اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّ مُشَفَّعًا۔
لڑکی ہو تو یہ پڑھنا	اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّ مُشَفَّعَةً
چوتھی تکبیر	رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ
میت کو قبر میں اتارتے وقت کیا پڑھنا۔	بِسْمِ اللّٰهِ وَ عَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ وَ سَلَّمَ۔
مٹی دیتے وقت کیا پڑھنا	مِنْهَا خَلَقْنٰکُمْ اول بار وَ فِیْهَا نُعِیْدُکُمْ دوم بار وَ مِنْهَا نُخْرِجُکُمْ تَارَةً اُخْرٰی سوم بار
قبرستان کی دعا و سلام	اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ لَنَا سَلَفٌ وَ نَحْنُ لَکُمْ تَبَعٌ وَ اِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ یَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُتَقَدِّمِیْنَ وَ الْمُسْتَاْخِرِیْنَ اَسْئَلُ اللّٰهَ

سوال	جواب
	لنا ولکم یرحمنا اللہ وایاکم
تشریق کی تکبیر	اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد۔
وتر نماز کے بعد کیا پڑھنا	سبحان الملک القدوس دو بار آہستہ ایک بار بلند پڑھنا ربنا ورب الملٰئکۃ والروح
تسبیح صلوٰۃ	سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر۔
لاحول	لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔
استغفار	استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ
درود شریف	اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد وبارک وسلم۔
درود شریف دیگر	اللھم صل علی سیدنا مولانا محمد وعلی آل سیدنا مولانا محمد وبارک وسلم۔
تسبیح حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہ۔	سبحان اللہ ۳۳ بار الحمد للہ ۳۳ بار اللہ اکبر ۳۴ بار
آیۃ الکرسی	اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم

سوال	جواب
	مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ
یہ دعا بھی پڑھنا	رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاهْدِنَا وَارْزُقْنَا وَعَافِنَا۔
صبح کے نماز کے بعد کا وظیفہ	لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ سَو بار پڑھنا اور سورۂ یٰسین ایک بار پڑھنا۔ چار قل پڑھنا۔
ظہر کے نماز کے بعد کا وظیفہ	حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پانسو بار پڑھنا کم

	فرصت ہو تو پچیس بار پڑھنا اور سورہ اِنَّا فَتَحْنَا ایک بار پڑھنا اور درود شریف سو بار پڑھنا۔
عصر کی نماز کے بعد کا وظیفہ	تسبیح حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی پڑھنا استغفار سو بار پڑھنا اور سورہ عم تین بار پڑھنا۔
مغرب کی نماز کے بعد کا وظیفہ	کلمہ طیب سو بار پڑھنا اور سورہ رحمٰن اور سورہ واقعہ پڑھنا۔
عشاء کی نماز کے بعد کا وظیفہ	کلمہ تمجید سو بار پڑھنا اور سورہ الم سجدہ اور سورہ حم سجدہ اور سورہ حم دخان اور سورہ مزمل اور سورہ قیمہ اور سورہ تبارک۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ پڑھنا۔
پہلا چاند دیکھ کر یہ پڑھنا۔	فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اور سورہ فاتحہ ۳۳ بار پڑھنا۔
سونے کے وقت یہ دعا پڑھنا۔	رَبِّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
نیند سے اٹھے تو یہ دعا پڑھنا۔	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ
کپڑے پہننے کے وقت	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ

سوال	جواب
یہ دعا پڑھنا۔	مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃً۔
نیا کپڑا پہنو تو جمعہ کے روز یا نماز کی نیت سے پہنے	پہلے دس بار سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ پڑھ کر پانی پر پھونک کر کپڑے پر چھڑکے بعد دو رکعت نفل پڑھ کے یہ دعا پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ۔ اور ازار بیٹھ کر پہنے اور پگڑی کھڑا ہو کر باندھے۔
گھر سے باہر نکلنے کے وقت یہ دعا پڑھنا۔	بِسْمِ اللّٰهِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔
ہر کام کو گھر سے نکلتے وقت پڑھنا۔	(آیۃ الکرسی صفحہ ۷۰)
نماز کے لیے گھر سے باہر نکلے تو یہ دعا پڑھنا۔	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ شِمَالِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّاَمَامِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا۔
مسجد میں سیدھا پاؤں رکھے یہ دعا پڑھنا۔	اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِوَجْهِهِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ
مسجد کا سلام یہ ہے	اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا مِنْ رَّبِّنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ۔
	اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ
مسجد سے باہر نکلتے وقت دعا پڑھنا۔	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ۔

سوال	جواب
گھر میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھنا۔	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا عَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔
کشادگی ذہن اور ترقی علم کے لیے یہ دعا پڑھنا۔	اَللّٰھُمَّ اَخْرِجْنَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْوَھْمِ وَاَکْرِمْنَا بِنُوْرِ الْفَھْمِ وَافْتَحْ عَلَیْنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَیَسِّرْ عَلَیْنَا خَزَائِنَ عِلْمِكَ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ
ادائی قرض کے لیے یہ دعا پڑھنا۔	اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ
دفع زہر کھانا کھاتے وقت یہ دعا پڑھنا۔	بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ
نظر بد ہو تو یہ دعا پڑھنا۔	وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

سوال	جواب
کھانا کھانے کے بعد یہ دعا پڑھنا۔	اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ
پاخانہ کیلئے جاتے وقت یہ دعا پڑھنا۔	اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ
کوئی چیز کھائی بعد یہ دعا پڑھنا	اَللّٰهُمَّ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ
دودھ پینے بعد یہ دعا پڑھنا	اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔
دعوت کا کھانا کھائی بعد یہ دعا پڑھنا	اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ فَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ۔
شکریہ کی دعا یہ پڑھنا	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ
سبق شروع کرنے کیلئے آگے یہ پڑھنا	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَاَصْحَابِهِ الْمَاجِدِیْنَ اَجْمَعِیْنَ۔
پہلے کوئی دعا یا وظیفہ پڑھنے کے درود شریف پڑھنا آخر یہ پڑھنا۔	وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
فاتحہ کا درجہ	اَللّٰهُمَّ وَصِّلْ ثَوَابَ مَا قَرَأْتُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

وَالصَّلَوَاتِ وَالْكَلِمَاتِ الطَّيِّبٰتِ ثَوَابَ مَا
تَصَدَّقْتُ لَكَ مِنْ هٰذِهِ الْاَطْعِمَةِ الْاَشْرِبَةِ
اِلٰى رُوْحِ الْقُدُسِ نَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ خَاتَمِ
الْمُرْسَلِيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ صَاحِبِ التَّاجِ وَ
الْمِعْرَاجِ اَحْمَدَ الْمُجْتَبٰى مُحَمَّدَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ

فلان کے جاے نام مرحوم کا لینا ـ

بَيْتِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ اِلٰى رُوْحِ فُلَانٍ ـ ثُمَّ اِلٰى رُوْحِ
جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ
الصَّالِحِيْنَ ـ ثُمَّ اِلٰى اَرْوَاحِ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ
رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

تکبیر

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ـ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ
الْحَمْدُ فاتحہ شروع مین درجہ یہ پڑہنا بعد سورہ فاتحہ
ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار درود شریف پانچ بار
بعدہ تکبیر مذکور پڑہنا جو کچھ مقدور ہو پڑہکر ثواب
طفیل سے حضرت محمد رسول اللہ کے مردہ کی روح
کو پہونچے ـ

فاتحہ کا درجہ دیگر ـ

اِلٰى حَضْرَةِ النَّبِىِّ وَاَوْلَادِ النَّبِىِّ وَاَزْوَاجِ النَّبِىِّ

واصحاب النبی وذریات النبی واھلبیت النبی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نذر اللہ نیاز رسول اللہ سورہ فاتحہ سورہ اخلاص کا ثواب جو کچھ پڑھے ہے اسکا ثواب طفیل سے پیغمبر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فلان ارواح کو پہونچے شیئاً للہ تعالیٰ سورہ فاتحہ ایکبار سورہ فاتحہ یعنی الحمد اور سورہ اخلاص تین بار یعنی قل ھو اللہ احد اور درود شریف پڑھ کے تکبیر پڑھے ہے اللّٰہُ اکبر اللّٰہُ اکبر لا الٰہ الا اللّٰہُ واللّٰہُ اکبر اللّٰہُ اکبر وللہ الحمد۔

فاتحہ کا درجہ ۳ دیگر

بروح پرفتوح مقدس مطہر منور صاحب المعراج و المنبر شفیع روز محشر ساقی حوض کوثر صدر شریعت کون معرفت بارگاہ طریقت قاب قوسین نبی الحرمین حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم وچہار اصحاب پاک رضی اللہ عنہ وخصوصاً حضرت اسد اللہ الغالب امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ وحضرت بی بی فاطمہ الزہرا خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا وحضرت امام حسن ع وامام حسین وشہیدان دشت کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون وسلام علی

الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ نذر اللہ نیاز رسول اللہ
سورہ فاتحہ سورہ اخلاص کا ثواب اور جو کچھ پڑھے ہے اسکا ثواب
طفیل سے پیغمبر محمد رسول اللہ علیہ والہ وسلم کے فلان ارواح کو
پونہچے شَیْئٌ لِلّٰہِ تَعَالٰی فاتحہ یک بار سورہ فاتحہ تین بار اخلاص
اور درود شریف پڑھکے تکبیر پڑھے ہے +

تقاریظ

مؤلف رسالہ ہٰذا نے اس رسالہ مین عمدہ طور پر مسائل دینیہ کا اجتماع کیا ہے جس سے ہر طالب علم
اور خاصکر لڑکونکو ضروری مسائل دینی کے حفظ کرنے مین سہولت ہوسکتی ہی اگر
بھر رشتہ تعلیمات مین مشروط کیجاے تو مناسب ہے محمد حسین عفا اللہ عنہ
مدرس مدرسہ نظامیہ

مین نے ابتدا سے انتہا تک یہ رسالہ دیکھا مفید العوام پایا گیا۔
محمد یعقوب عفا اللہ عنہ - مدرس مدرسہ نظامیہ

بندہ کمترین اس رسالہ کو اول سے آخر تک دیکھا یہ رسالہ مختصر فقہ مین جدید طریقہ سے
تالیف کیا گیا ہے اس سے ہر مسلمان مستفید ہوسکتا ہے خصوصاً مبتدی طالب العلمون
کو حفظ کرایا جاے تو از حد مفید ہوگا اور نصاب تعلیمات مین شریک کیا جاوے
تو انفع و انسب ہے فقط سید غوث الدین قادری مدرس مدرسہ نظامیہ
میرے نزدیک یہ کتاب مسلمان طلبا کے حق مین کیا معنی بلکہ ہر مسلمان کے حق مین

نہایت مفید ہے اسکا پڑھ لینا اور کتب مسائل معمولی روزمرہ سے مستغنی کرتا ہے
یعنی اسکے ہوتے ہوے دوسری کتاب مسائل روزمرہ کے پڑھنے کی ضرورت
باقی نہین رہتی - فقط

بندہ محمد عبد السمیع کاظمی کان اللہ لہٗ - مدرس مدرسہ عالیہ

مین نے اس رسالہ کو سرسری نظر سے دیکھا واقع مین طلباء مسلمین کے لئے مفید ہے

محمد عبد الجبار خان صدر مدرس عربی و فارسی مدرسہ اعزہ

رسالہ مولفہ محمد ابراہیم خان صاحب کو دیکھا فی الواقع یہ رسالہ قابل تعلیم و تعلم ہے
طلبا کو مفید ہوگا -

بندہ ابو القاسم نور محمد مدرس مدرسہ اعزہ

اس خادم علم نے اس رسالہ کو اول سے آخر تک دیکھا بلاشبہ سراسر دین و ایمان
اور اسلام ہونے کے علاوہ طرز تحریر بھی نہایت عمدہ اور خوش اسلوب اور اطفال
کے لیے بہت مفید ہے جسکا درس مین کر دینا عام فائدہ بخش ہے زبان نہایت سلیس
ہے اشد ضروریات دین سب اس مین ہین خاصکر ابتدائی تعلیم کے لیے ایسی رسالونکی
سخت ضرورت ہے جنکا طرز بیان سہل سے سہل ہو جیسا کہ یہ رسالہ - لہذا اہل کا یہ
لازم ہے کہ ایسے خیر اندیش قوم کی پوری قدر کرے -

سید نادر الدین مددگار اول مدرسہ دار العلوم سرکار عالیہ

خاکسار نے مولوی محمد ابراہیم خانصاحب کا مولفۂ رسالہ اول سے آخر تک دیکھا
بیحد نایاب اور مسلمان لڑکونکے لیے نہایت مفید پایا خصوصاً ایسے زمانہ مین کہ دینی
تعلیم و تدریس مفقود ہو رہی ہے ایسی سلیس اردو زبان مین ایک آدہ رسالہ کا ہونا

نہایت مناسب تھا جسکو مولوی صاحب ممدوح نے پورا فرمایا اور خدا سے دعا ہو کہ مولف کو اجر عظیم بخشے اور پبلک اسکو قدر کی نگاہ سے دیکھے۔ فقط

ابو النعیم محمد عبد العظیم مدرس عربی گورمنٹ سٹی ہائی اسکول۔

حامدًا و مصلیًا

خادم نے رسالہ دینیات مولفہ مولوی محمد ابراہیم خانصاحب غوری سلمہ ربہ کو اول سے آخر تک بغور دیکھا واقعی مولف صاحب کی محنت تالیف مسائل شرعیہ مین قابل داد ولایق تحسین و آفرین ہے اور یہ طریقہ کہ مسائل مندرجہ نماز و روزہ وغیرہ کو بطور سوال و جواب مدون کیا ہی بہت ہی مختصر و مفید طلبہ و کار آمد جمیع مسلمانان ہی واقعی یہ اگر مطبوع و شایع ہوجاوے اور تعلیم مین بھی اسکو شریک و رائج کیا جاے بیشک ہر ایک متعلم کے حق مین نافع و مفید ثابت ہوگا اور عامہ خلایق کو بھی اسکی یاد کرنے پڑھنے سے بخوبی فائدہ ملیگا اور مسائل فقیہہ پر اچھا خاصا عبور حاصل ہوگا۔

محمد عبد المجید - مدرس مدرسہ تعلیم المعلمین سرکار عالی

مین نے اس رسالہ کو بھی جا بجا سے دیکھا اسکی اشاعت کے متعلق مجھے دوسرے اصحاب الرای کی راے سے حرف بحرف اتفاق ہی۔ اگر یہ کتاب اپنی خوبیون کے لحاظ سے اطفال کی مذہبی تعلیم مین داخل ہوگئی تو مولف صاحب عند اللہ ماجور و عند الناس مشکور ہونگے۔

سید عبد الخالق حسن - صدر مدرس فارسی ہائی اسکول چادر گھاٹ

قطعہ تاریخ از نتیجہ افکار سامی شاہ محمد جنید احسینی کوہ سوار نامی مدرس فارسی شاہ پوری

مرحبا گلزار ابراہیم ہے ‏ ‏ ‏ ای محمد خوب ہے تعلیم دین ۱۳۲۹
صاف یہ تاریخ لکھدے کوہ سوار ‏ ‏ ‏ نامی تعلیم دین تعلیم دین ۱۳۲۹ھ

اطلاع

ریاست حیدرآباد دکن اور ممالک انگریزی میں بھی اسکی رجسٹری ہوچکی ہے۔ بے اجازت کوئی نہ چھاپے۔

جس کتاب پر مدرسہ کی مہر یا دستخط نہ ہو وہ مسروقہ سمجھی جائے گی۔

محمد ابراہیم خان غوری